# Griffbereit

Familien entdecken gemeinsam Spiel und Sprache

Kommunale Integrationszentren NRW

ISO 639-1: ur

# والدین کے لئے مواد[1]

مارچ ۲۰۲۰ کی ترمیم کو، صوبہ نورڈ رائن ویسٹ فالن (Nordrhein-Westfalen, NRW) کی وزارت برائے اطفال، خاندان، پناہ گزین اور انضمام (انٹیگریشن) کی مالی معاونت اور آوریڈیس فاؤنڈیشن ( Auridis Stiftung gGmbH) کی حمایت حاصل ہے۔

ان مواد کی بنیاد مندرجہ ذیل سابق کارروائی کے علاقائی دفتروں (Regionale Arbeitsstellen, RAA) 2 (اب: میونسپل انضمامی مراکز) کی طرف سے تیار کی گئی ہے :

ضلع ڈیورن (Düren) کا RAA
ضلع آخین (Aachen) کا RAA
آخین شہر کا RAA
گیلزن کرشن (Gelsenkirchen) شہر کا RAA

نیز گولتن دوغان، زابینہ اینگل من اور نادیہ پازیزی نے والدین کی ساتھنوں کی حیثیت سے بھی معاونت کی ہے۔

یہ مواد روٹرڈیم شہر میں مقیم 'Stichting Samenspel' نامی فاؤنڈیشن کے پروگرام 'Bij de hand' کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔

[1] ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس کتابچے میں آنے والی توضیحی تصاویر کے ذریعے فرسودہ آرا کو من و عن نکالیں یا تقویت دیں۔ ہماری مراد یہ ہے کہ اپنے متنوع معاشرے کو – جہاں تک ممکن ہو سکے – پیش کیا جائے۔

[2] فروری ۲۰۱۲ میں نافذ شدہ، نورڈ رائن ویسٹ فالن میں ماشرے میں حصّہ داری اور انضمام (انٹیگریشن) میں سہولت دینے والے دستور کے سلسلے میں، صوبے نے متعدد پہلوؤں پر زور دیتے ہوئے انضمامی اور تعلیمی پالسی کو زیادہ مناسب اور نفیس بنا دیا ہے۔ اس دستور کا ساتواں جز، اضلاعوں اور بغیر اضلاع کے شہروں میں میونسپل انضمامی مراکز کی ترقی کو منظم کرتا ہے۔ صوبہ نورڈ رائن ویسٹ فالن، صوبہ گیر ترتیبی بیورو (Landesweite Koordinierungsstelle, LaKI) کی حمایت کرتا ہے، جوNRW علاقائی دفتروں کے صدر دفتر اور ضلع آرنسبرگ کی حکومت کے ما تحت کامپٹینس سنٹر برائے انضمام پر مشتمل ہے۔

Kommunale Integrationszentren NRW

# فہرست کا خانہ


والدین کے لئے مواد ... 2

پیش لفظ برائے والدین ... 6

پیش لفظ برائے ’دستیاب‘ نامی پروگرام میں شرکت کرنے والی والدین کی ساتھنیں ... 7

۱ اشارہ کرنا ... 9

۲ تالی بجائیں ... 10

۳ جھولنا ... 11

۴ چیزیں چھپانا ... 12

۵ کتابیں دیکھنا ... 13

۶ چلیں، سواری کریں! ... 14

۷ ڈرائنگ کرنا ... 15

۸ جانوروں کو غور سے دیکھنا ... 16

۹ ڈھول بجانا ... 17

۱۰ کھولنا اور بند کرنا ... 18

۱۱ رقص کرنا ... 19

۱۲ ایک آدمی آیا، سڑھیوں پر چڑھا ... 20

۱۳ بلڈنگ بلاکس (تعمیراتی اینٹیں) ... 21

۱۴ چائے پینا ... 22

۱۵ اندر اور باہر ... 23

۱۶ ایک دوسرے کی نقل اتارنا ... 24

۱۷ کتابیں ... 25

۱۸ ٹٹولنے کا کھیل ... 26

۱۹ مصوری کرنا ... 27

۲۰ کشتی چلانا ... 28

۲۱ غباروں کے ساتھ کھیلنا ... 29

۲۲ چھلوں کا ہرم (پائیرامڈ) ... 30

۲۳ جسم کا گیت ... 31

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴ | گڑیاؤں اور روئی بھرے کھلونے کے ریچھ اور دوسرے جانوروں کے ساتھ کھیلنا | 32 |
| ۲۵ | چہل قدمی | 33 |
| ۲۶ | آنکھیں، کان، ناک اور منہ | 34 |
| ۲۷ | کاغذ کے ساتھ کھیلنا | 35 |
| ۲۸ | کار میز | 36 |
| ۲۹ | آوازیں نکالنا | 37 |
| ۳۰ | بلاکس \ اینٹوں کے ساتھ کھیلنا | 38 |
| ۳۱ | جانوروں کے بارے میں معلومات | 39 |
| ۳۲ | بھاگو جان - بھاگو گل | 40 |
| ۱۳۳ | تصویری معمے کے ٹکڑوں الگ الگ کرنا | 41 |
| ۳۳ب | تصویری معمے کے ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنا | 42 |
| ۳۴ | دوسرے شخص کے پیروں پر چلنا | 43 |
| ۲۵ | گوند سے چپکانا | 44 |
| ۳۶ | چھوٹی گیندوں کو پھونک مارنا | 45 |
| ۳۷ | خریداری کرنے کا مظاہرہ کرنا | 46 |
| ۳۸ | مل کر کھلونے ترتیب سے رکھنا | 47 |
| ۳۹ | چلو، چلو گھوڑے - چلو سرپٹ دوڑیں | 48 |
| ۴۰ | پیڑے (play dough، پلے ڈوہ) ساتھ کھیلنا | 49 |
| ۴۲ | ٹرین کا کھیل | 50 |
| ۴۲ | موتیوں سے لڑی بنانا | 51 |
| ۴۳ | قلابازی لگانا | 52 |
| ۴۴ | انگلیوں کا کھیل | 53 |
| ۴۵ | تصاویر والی کتابیں | 54 |
| ۴۶ | آبی رنگوں کے ساتھ مصوری کرنا | 55 |
| ۴۷ | تصویری لوٹو کا کھیل | 56 |
| ۴۸ | چھو کر محسوس کرو | 57 |
| ۴۹ | بھیس بدلنے کا کھیل | 58 |

٥٠ (stacking cups) مینار بنانے کے کپ ..... 59

٥١ گھر میں ہاتھ بٹانا ..... 60

٥٢ جو دیکھ رہا ہوں وہ تم نہیں دیکھ رہے ..... 61

٥٣ میموری کا کھیل (یادداشتی کھیل) ..... 62

٥۴ بیرون خانہ ریت کے ساتھ کھیلنا ..... 63

٥٥ نشانہ لگا کر گیند لڑھکانا ..... 64

٥۶ غور سے سنو اور تلاش کرو ..... 65

٥٧ کپڑے پہنا سیکھنا ..... 66

٥٨ ایک خود ساختہ تصویری معما ..... 67

٥٩ کتاب کی مدد سے کہانی سنانا ..... 68

۶٠ ایک نہانے کے تھیلے نما کپڑے یا ایک جراب کے ذریعے باتیں کرنا ..... 69

۶١ اس چیز کا تعلق کونسی چیزوں سے ہے؟ ..... 70

۶٢ 'لیگو' یا 'ڈُوپلو ' کے بلاکس کے ساتھ کھیلنا ..... 71

۶٣ جسم کے اعضاء ..... 72

۶۴ میرا خاندان ..... 73

# پیش لفظ برائے والدین

پیارے والدین،

’دستیاب‘نامی کھیل کے گروپ کے اس فولڈر میں آپ ان اوراق کو جمع کر سکتے ہیں، جن پر مختلف کھیلوں اور سرگرمیوں کی سفارشات پیش کی گئی ہیں۔ ان اوراق پر یہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کھیلوں اور سرگرمیوں کو کیسے آپ کے بچے کے لئے مسرت آنگیز اور سیکھنے لے لحاظ سے تحریک آنگیز بنایا جا سکتا ہے۔
یہ اوراق اس مقصد کے لئے تیار کئے گئے ہیں تاکہ گھر میں ان کا دوبارہ جائزہ لیا جا سکے۔ اس طرح ان سرگرمیوں کو گھر میں اپنے بچے کے ساتھ دہرانے کے لئے آپ کو مدد ملے گی۔
کھیلوں کی سفارشات اور ہدایات خاندان کے دوسرے افراد کو بھی دکھا کر انہیں بھی بچے کے ساتھ کھیلنے کہ لئے ترغیب دیجئے۔
اگر کھیلنے کی ہدایات سے متعلق آپ کے کوئی تبصرے یا سوالات ہوں تو کسی بھی وقت کھیل کے گروہ کے ذمے داروں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
ہم آپ کو اور آپ کے بچے کو ہنسی خوشی کے ساتھ کھیلنے کی نیک تمنائیں کرتے ہیں!

# پیش لفظ برائے 'دستیاب' نامی پروگرام میں شرکت کرنے والی والدین کی ساتھنیں

پیاری ساتھن

ہم نے آپ کے لئے اور 'دستیاب' نامی کھیل کےگروہ میں شرکت کرنے والے والدین کے لئے ٦۴ کھیلوں اور سرگرمیوں کا مجموعہ فراہم کیا ہے۔ یہ مختلف کھیل ماں باپ بچے کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔ ہمارا یہ مشورہ ہے کہ آپ ہفتہ وار ملاقاتوں کے دوران ان سرگرمیوں کو ایک دفعہ مثالی طور پر پیش کریں۔یہ کھیل مسرت انگیز ہونے کے ساتھ ساتھ بچوں کے سیکھنے کے عمل کو تحریک بھی دیں۔
بعض کھیل قدرے چھوٹے بچوں کے لئے ، بعض کھیل بڑے بچوں کو لئے زیادہ موزوں ہیں۔ لہذا آپ والدین کے ساتھ ان سفارشات میں سےسب سے مناسب کھیل چنئے۔
سرگرمیوں کی ترتیب بچوں کی عمر اور ان کی دلچسپی کے مطابق ہوتی ہے۔ یہ سارے کھیل لڑکے اور لڑکیوں مساوی نسبت سے کھیل سکتے ہیں۔

کھیلوں سے متعلق والدین کے واقفیت اور تجربات بھی لحاظ میں رکھئے۔ شروع میں آپ والدین کو یہ سمجھائیے کہ ایک مخصوص کھیل بچے کی نشوو نما کو کیسے تحریک دے سکتا ہے اور کونسی منزل میں پہنچنے کا ارادہ (مثلاً کھیل نمبر ۴: 'چیزیں چھپانا' = بچہ اپنی یادداشت کی مشق کرتا ہے اور نئے الفاظ سیکھتا ہے)۔
سب سے اہم یہ ہے کہ بچے کے ساتھ مل کر کھیلا جائے ۔ ایک مخصوص ترتیب کی پابندی ثانوی چیز ہے۔ والدین کھیلوں سے متعلق اپنے خیالات بھی پیش کر سکتے ہیں ۔ خاص طور پر یہ اہم ہے کہ والدین ، جو بھی کریں، اس کے ساتھ ساتھ بچوں سے بات کریں۔ بچوں کے لئے زبان سیکھنا اس وقت زیادہ آسان ہے جب وہ جو کچھ کریں، اس سے متعلق باتیں کر سکیں۔ اور جتنا اچھا بچے بول سکیں، اتنی آسانی سےدوسرے بچوں کے ساتھ مل جل کر رہ سکتے ہیں۔

برائے مہربانی والدین کو مندرجہ ذیل نکتے ٹھیک طرح سمجھائیے:

- والدین کو چاہئے کہ وہ کھیل کے دوران بچوں کو تجاویز پیش کریں اور انہیں خود فیصلہ کرنے دیں کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً نمبر ۴: 'چیزیں چھپانا' = 'کیا کپڑے کے نیچے کئی چیزیں

رکھوں یا صرف یک چیز؟'۔ بچے کے لئے یہ اہم ہے کہ وہ اپنی خواہشات اور جذبات کا اظہار کر سکے۔

- والدین پر یہ بات واضح ہونی چاہئے کہ وہ بچے کے ساتھ ایک مخصوص کھیل کیوں کھیلیں۔
- جب بچہ ایک کام میں کامیاب ہو گیا ہو تو والدین کو اس کی تعریف کرنی چاہئے۔ والدین کے اوراق کے اختتام میں بچوں کی تعریف کرنے کے الفاظ بیان کئے گئے ہے۔ یہ جملے بطور مثال اور تجاویز پیش کئے گئے ہیں۔
- اگر بچہ پہلی ہی کوشش میں کسی کام میں کامیاب نہ ہو تو والدین کو چاہئے کہ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں ۔

جب آپ والدین کے ساتھ اگلی بار ملیں تو ان کے ساتھ اس سے متعلق باتیں کیجئے کہ وہ گھر میں اپنے بچے کے ساتھ کھیلتے وقت کونسے تجربات کئے ہیں۔ ان کی تعریف کریں اور مزید حوصلہ دیں تاکہ وہ کھیلوں کا سلسلہ جاری رکھیں۔

براہ کرم کھیل کی ملاقاتوں سے بھی فائدہ اٹھاتے ہوئے کھیلنے کا سامان، تصاویر والی کتابیں، دستکاری کا سامان وغیرہ پیش کیجئے۔

کھیل کے گروپوں کو عملی جامہ پہنانے سے متعلق جامع ہدایات کے لئے برائے مہربانی'کتابچہ برائے 'دستیاب' نامی پروگرام کی ساتھنیں' سے رجوع کیجئے۔ اس کتابچہ میں ہمارے طریقۂ کار سے متعلق ساری اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

'دستیاب' کے کانسپٹ کے مطابق والدین اور بچوں کے گروپوں کو عملی روپ پہنانےکے لئے کامیابی کی تمنا کرتے ہیں!

# ۱ اشارہ کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- غور سے مشاہدہ کرنا
- مختلف الفاظ سمجھنا
- بعد میں الفاظ دہرانا

آپ کو کیا چاہئے؟
- اپنے اردگرد کا ماحول (مثلاً گھر، بیرون خانہ کے اردگرد کا ماحول)

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو اٹھا کر بازوؤں میں تھامئے یا گود پر بٹھائیے۔
- اس طرف دیکھئے جس طرف آپ کا بچہ دیکھ رہا ہے۔
- ایک چیز کی طرف اشارہ کیجئے اور اس کا نام بتائیے۔
- صوفہ، لیمپ اور کرسی کی طرف اشارہ کیجئے اور ان چیزوں کا کیا نام بتائیے۔
- اپنے بچے سے پوچھئے: 'لیمپ کہاں ہے؟ کرسی کدھر ہے؟'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- یہ تم نے اچھا پہچان لیا کہ میں نے کس چیز کی طرف اشارہ کیا۔

# ۲ تالی بجائیں



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- الفاظ
- حرکتوں کی نقل اتارنا
- تال

آپ کو کیا چاہئے؟
- کوئی سامان نہیں چاہئے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- آمنے سامنے بیٹھ جائیں اور مندرجہ ذیل گانا گا کر اس کے مطابق حرکت کیجئے:

| | |
|---|---|
| تالی بجائیں | ہاتھوں سے تالی بجانا |
| خوشی منائیں | |
| سر بھی | سر کو آہستہ تھپتھپانا |
| آہستہ تھپتھپائیں | |
| ہاتھ اوپر لے جائیں | ہاتھ اوپر کی طرف لے جانا |
| پھر کمر پہ رکھیں | ہاتھ کمر یا کولھوں پر رکھنا |
| ایسے تیرتی ہیں تالاب پہ ناوئیں | دھڑ کو دائیں بائیں کی طرف جھلانا |
| ایسے تیرتی ہئں تالاب پہ ناوئیں | |

- اب ایک دوسرا بچوں والا گانا چنئے جو آپ کو معلوم ہے، پھر اس کو بچے کے لئے گائیے اور مل کر گانے کے ساتھ ساتھ حرکت کیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم ہاتھ بہت اچھی طرح اوپر لے جاتے \ جاتی ہو۔
- تم تو ساتھ ساتھ گانا بھی گا رہے \ رہی ہو (اگر بچہ کوئی بھی آوازیں نکالے)۔

# ۳ جھولنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مشترکہ طور پر کچھ کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- بچے کو سامنے فرش پر بٹھائیے۔
- بچے کے پیچھے کھڑے ہو کر اکڑوں بیٹھ جائیں۔
- ہاتھ بچے کی پنڈلیوں کے نیچے سے سامنے لے چائیں۔
- اب دونوں ہاتھ بچے کے گھٹنوں کے نیچے ایک ساتھ لے کر مضبوطی سے باندھیں۔
- بچے کو بتائیے کہ اب آپ اس کو جھلانے والے ہیں، پھر بچے کو آگے پیچھے، دائیں بائیں جھلائیے۔
- اس کے ساتھ ساتھ آپ یوں گا سکتے ہیں: 'جھولا جھولیں، جھولا جھولیں۔'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- اپنے بچے سے بات کیجئے اور اس کی تعریف کیجئے۔

# ۴ چیزیں چھپانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اپنی یادداشت کی مشق کرنا
- نئے الفاظ

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک کپڑا یا دوپٹہ
- مختلف چیزیں جو کپڑے کے نیچے آ سکیں۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو موقع دیں تاکہ وہ چیزوں کو ٹٹول سکے اور ان کا تفصیلی جائزہ لے سکے، ہو سکتا ہے بچہ انہیں منہ میں ڈالنے کی کوشش بھی کرے۔
- ایک چیز کپڑے کے نیچے رکھ کر چھپائیے۔
- اپنے بچے سے پوچھئے: 'پیالی کدھر ہے؟'
- آپ یا آپ کا بچہ کپڑے کو ہٹائیں۔ 'یہاں ہے پیالی!'
- کوئی اور چیز کو چھپا کر کھیل کو دہرائیے۔
- ایک دفعہ اپنے چہرے کو بھی کپڑے کے پیچھے چھپائیے، پھر کپڑے کو ہٹاتے ہوئے بولئے: 'دیکھو دیکھو!'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- اچھا، تم نے یاد رکھا کہ پیالی کپڑے کے نیچے ہے۔

# ۵ کتابیں دیکھنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- الفاظ پہچان لینا
- تصاویر پہچان لینا
- کتابوں سے مانوس ہو جانا

آپ کو کیا چاہئے؟
- مضبوط گتے، پلاسٹک یا کپڑے سے بنی ہوئی کتابیں، جن کی ہر صحفے پر ایک یا دو تصویریں ہوں۔

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- آپ کا بچہ کتاپ کو کھول سکتا ہے اور تصویروں کو غور سے دیکھ سکتا ہے۔
- ایک کے بعد ایک تصویر کی طرف اشارہ کیجئے اور ان کے بارے میں کچھ بتائیے۔
- تصویروں سے متعلق سوال بھی پوچھئے، مثلاً: 'پتلون کہاں ہے؟ کیا تم نے بھی پتلون پہنی ہے؟'
- چھوٹے بچوں کہ لئے عام طور پر یہ بھی کافی ہے کہ وہ صرف ایک تصویر کو دیکھیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تمہارے ساتھ تصاویر والی کتابیں دیکھنے سے مزہ آ رہا ہے!

# ۶ چلیں، سواری کریں!



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مشترکہ طور پر کچھ کرنا
- توازن بر قرار رکھنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو اس طرح گود پر بٹھائیے تاکہ اس کا چہرہ آپ کے رو برو ہو۔
- بچے کے دھڑ کو ہاتھوں سے پکڑے رکھیں۔
- اپنے بچے کو پہلے ایک گھٹنے، پھر دوسرے گھٹنے کے ساتھ جھلائیے اور ساتھ مندرجہ ذیل گانا گائیے:

چلو، چلو، سوار بھائی
گرتے ہو تو ہائے ہائے
خندق میں گرے گا وہ
کھا لیں گے غراب اس کو
دلدل میں گرے گا
چھپ چھپ کر کے ڈوبے گا

- ’ ڈوبے گا ‘ کہہ کر اپنے بچے کو گھٹنوں کے درمیان سے پھسلنے دیں۔
- ’چلو، چلو‘ کہہ کر بچے کواونچا اونچا جھلائیے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم تو ایک عمدہ گھڑ سوار ہو!

# ۷ ڈرائنگ کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- رنگ دار موم کی پینسل یا رنگین پینسل کو تھامے رکھنا
- پینسل کے ساتھ دھاریاں، لکیریں اور بعد میں دائرے بنانا
- تخلیق کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- موٹے چھوٹے رنگین پینسلیں، رنگ دار موم کی پینسلیں یا کھرنجے پر ڈرائنگ کرنے کے لئے رنگین کھریا
- ایک بڑا سا کاغذ یا گتا (جو استعمال شدہ بھی ہو سکتا ہے) یا کھرنجا (اس کے اوپر ڈرائنگ کرنے کے لئے)

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- ڈرائنگ کے سامان کے ساتھ میز پر بیٹھ جائیں۔
- اپنے بچے کو رنگ دار موم کی کھریا یا پینسل اور کاغذ کو دیں اور دیکھیں کہ وہ ان چیزوں کے ساتھ کیا کر رہا ہے۔
- اپنے بچے کو دکھائیے کہ ڈرائنگ کیسے کرتے ہیں: کئی دھاریاں اور نکتے بنائیے۔
- اتنی دیر تک ڈرائنگ کرتے رہیں، جتنی دیر تک بچے کو مزہ آ رہا ہو (عام طور پر کئی منٹ تک)۔
- آخر میں اکٹھے تصویر کا مشاہدہ کریں؛ یہ بتائیے کہ آپ کیا دیکھ رہے \ رہی ہیں۔
- تصویر کو دوار پر لٹکائیے یا ایسی جگہ پر کھڑی کریں، جہاں وہ ٹھیک نظر آئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- یہ ایک خوبصورت نیلی لکیر ہے۔
- تم نکتے بھی بناتے \ بناتی ہو! شاباش!

# ٨ جانوروں کو غور سے دیکھنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اپنے اردگرد کے ماحول کے جانوروں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنا؛ وہ کیسے نظر آتے ہیں؟ کیا کرتے ہیں؟ کونسی آوازیں نکالتے ہیں؟ کیسے محسوس ہوتے ہیں؟
- جانوروں کے نام اور ان کے اعضاء

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک جانور یا زیادہ جانور، جن کے قریب آپ جا سکتے ہیں (مثال کے طور پر ایک چڑیا گھر کی سیر کر سکتے ہیں)۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- آپ مل کر ایک یا زیادہ جانوروں کو تلاش کریں اور، اگر جانور آدمی سے مانوس ہو، تو مل کر اس پر ہاتھ بھی پھیر سکتے ہیں۔
- اپنے بچے کو جانوروں کے نام بتائیے۔
- جانوروں کی آوازوں کی نقالی اتاریں اور بچے کو ترغیب دیں کہ وہ بھی کوشش کرے۔
- آپ مل کر 'دادا جان کے پاس ایک کھیت' نامی گانا گا سکتے ہیں۔
- جانوروں کے سر، پنجوں، دم اور جسم کی طرف اشارہ کیجئے اور یہ بیان کیجئے کہ جانور ان اعضاء کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں۔ (کھانا کھانا، کھڑا ہونا، دم ہلانا، مکھیاں اڑانا)
- اس پر غور کیجئے کہ بچے کو کیا دلچسپ لگ رہا ہے اور اس سے متعلق مزید باتیں کریں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- بہت خوب، اس طرح تم بالکل نرمی سے ہاتھ پھیرتے \ پھیرتی ہو، ایسے کرنا کتے کو پسند ہے۔
- تم بہت اچھی طرح بکری کی آوازیں نکال رہے \ رہی ہو: میں، میں!

# ۹ ڈھول بجانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایک ڈنڈے یا لکڑی کے بڑے چمچ کے ساتھ آوازیں نکالنا
- مختلف آوازوں میں فرق کرنا، جو کہ زبان سیکھنے کے لئے اہم ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک ڈبا جس کو ڈھکن کے ساتھ اچھی طرح بند کیا گیا ہو، جو خواہش پر خشک چنوں یا چاولوں سے بھرا ہوا ہو، یا ایک ڈھول۔
- ایک ڈنڈا یا لکڑی کا بڑا چمچ۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- ڈبے کو چاولوں یا چنوں سے بھر کر ڈھکن کو بند کریں۔
- اب آپ کا بچہ اس کے ساتھ کھیل سکتے ہے: ڈبے کو بجانا، جھن جھن کرنا، ڈبے کو لڑھکانا۔
- آپ یہ دکھا سکتے ہیں کہ ڈبے یا ڈھول کو کیسے زور سے یا آہستہ آہستہ بجاتے ہیں۔
- ایسے کرتے ہوئے ’زور‘ یا ’آہستہ‘ کے الفاظ اونچی آواز سے بولئے۔
- آپ یہ دکھا سکتے ہیں کہ فرش ، میز یا کسی اور چیز کو کیسے کھٹکھٹا سکتے ہیں۔
- جو آوازیں بچہ سن رہا ہے ان کی نقالی وہ کر سکتا ہے۔
- آپ اپنے بچے کے ساتھ فرش پر پاؤں پٹخ سکتے ہیں (کرائے کے مکانوں میں احتیاط کریں)۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- شاباش، یہ کام تم بہت عمدہ کر رہے \ رہی ہو۔
- تم زور سے بھی اور آہستہ آہستہ بھی فرش پر کھٹ کھٹ کر سکتے \ سکتی ہو۔

# ۱۰ کھولنا اور بند کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- انگلیوں اور ہاتھوں کو بامقصد حرکت دینا
- کھولنے اور بند کرنے کے مختلف امکانات
- اپنے عقل کا استعمال کرنا
- ’کھلا‘ اور ’بند‘ کے تصورات

آپ کو کیا چاہئے؟

- کئی چیزیں جن کو مختلف طریقے سے کھولا یا بند کیا جا سکے، مثلاً ماچس کی ڈبیا، گتے کا ڈبا اور ڈھکن، بسکٹ رکھنے کا مرتبان، ایک صندوقچہ۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کو مرتبان، صندوقچہ، ڈبا وغیرہ دیں تاکہ وہ ان چیزوں کا تفصیلی جائزہ لے سکے۔
- بچے کو یہ دکھائیے کہ ہر چیز کو کیسے کھولا اور بند کیا جاتا ہے۔
- ایسے کرتے ہوئے ہر دفعہ صاف آواز سے بولئے ’کھلا‘ اور ’بند‘۔
- بچے کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر اکٹھے کھولنے اور بند کرنے کے عمل کی مشق کریں۔
- جب آپ کے بچے نے ایسا کرنا سیکھ لیا ہو تو وہ اس کام کو بار بار دہرائے گا۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بہت اچھا، اس طرح تم ڈبے کو کھولتے \ کھولتی ہو۔
- اب تم دروازے کو بھی بند کر سکتے \ سکتی ہو۔

# ۱۱ رقص کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- غور سے سننا
- ہم آہنگی
- موسیقی \ تال کے ساتھ ساتھ حرکت کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- موسیقی


**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- موسیقی چلائیے یا خود گانا گائیے۔
- اپنے بچے کو اٹھا کر بازوؤں میں تھامیں یا کھڑے ہو کر اس کے دونوں ہاتھ پکڑیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ مل کر رقص کریں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- ہم دونوں اکٹھے کتنا اچھا رقص کر رہے ہیں، ہے نہ؟

# ۱۲ ایک آدمی آیا، سڑھیوں پر چڑھا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- مشترکہ طور پر کچھ کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- کسی خاص سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے ۱ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو گود پر بٹھائیں تاکہ اس کا چہرہ آپ کے رو برو ہو۔
- آپ کی دونوں انگلیوں کو بچو کے بازو سے لے کر گردن تک چلائیں اور بولئے:

| |
|---|
| ایک آدمی آیا، سڑھیوں پر چڑھا |

- کان کی لو کو ہلائیے۔۔۔

| |
|---|
| گھنٹی بجائی |

- ماتھے کو آہستہ تھپتھپائیے

| |
|---|
| دروازہ کھٹکھٹایا |

- ناک کی نوک کو ہلانا

| |
|---|
| سلام بھی پہنچایا، ناک صاحبہ کا |

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- واہ واہ، تم اس چھوٹی سی کہانی کو کتنی اچھی طرح سنا رہے ۱ رہی ہو!
- تمہاری انگلیاں اس کھیل کو بہت اچھی طرح کھیلتی ہیں!

# ۱۳ بلڈنگ بلاکس (تعمیراتی اینٹیں)[3]



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- بازوؤں اور ہاتھوں کی حرکات کی مشق کرنا
- تعمیر کرتے وقت اجزاء کی باہمی تعلقات کے بارے میں جانکاری حاصل کرنا
- ہم آہنگی سے ہاتھوں اور آنکھوں کا استعمال کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- بلڈنگ بلاکس

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو آزادانہ کھیلنے اور بلاکس کو چھونے دیں۔ اس وقت بچے پر خاص دھیان دیں۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ وہ علیحدہ علیحدہ ٹکڑوں کو آپس میں کیسے جوڑ سکتا ہے۔
- جوڑے ہوئے ٹکڑوں کو اس طرح ایک دوسرے کے اوپر رکھیں تاکہ بچہ دیکھ سکے کہ وہ بھی آپس میں جڑ جاتے ہیں۔
- اس عمل کو دہرائیے، شاید آپ کا بچہ آپ کی نقل کرے۔
- جڑے ہوئے ٹکڑوں کو پھر اس طرح الگ الگ کر دیجئے تاکہ آپ کا بچہ دیکھ سکے کہ آپ کیا کر رہے \ رہی ہیں۔
- اس پر غور کیجئے کہ کیا آپ کا بچہ بھی ان ٹکڑوں کو الگ الگ کرنے کی کوشش کر رہا ہے جن کو دبا کر مضبوطی سے جوڑا گیا ہو۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بس زور سے کھینچو، پھر ٹکڑے علیحدہ ہو جائیں گے!
- بہت خوب، تم ابھی سے کتنی اچھی تعمیر کر سکتے \ سکتی ہو!

[3] پلاسٹک کے بلاکس جن کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا جا سکتا ہے

# ۱۴ چائے پینا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- اداکاری کرنا اور ایجاد کرنا
- مل کر کھیلنا اور آپس میں باتیں کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کئی پیالیاں یا کپ
- چائے کی چمچی
- چھوٹی سی چائے دانی

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ پیالیوں، چائے کی چمچی اور چائے دانی کو غور سے دیکھیں اور ان چیزوں سے متعلق بات کیجئے۔
- اب ایک  پیالی میں چائے ڈال کر ایسے کریں کہ گویا چائے پی رہے \ رہی ہوں۔
- ایک بار پھر پیالی میں چائے ڈالنے کا مظاہرہ کریں اور پیالی کو بچے کی طرف بڑھائے۔ 'دیکھو، ایک کپ چائے۔ کیا تم بھی ایک کپ چائے پسند کروگے \ کروگی؟'
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ بھی آپ کے لئے چائے ڈالے اور ایسے کرے جیسے وہ چائے پی رہا ہو۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- کتنی مزہ دار چائے تم نے مجھے پیش کی! بڑی خوشی سے ایک اور کپ چائے پینا چاہونگا \ چاہونگی۔
- تم چائے کو پیالی میں بڑی مہارت سے ڈالتے \ ڈالتی ہو۔ اب تم یہ پیالی کس کو دوگے \ دوگی ؟

# ۱۵ اندر اور باہر



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اپنے ذہن کی نشوونما کرنا
- ’اندر‘ اور ’باہر‘ کے تصورات کا صحیح استعمال کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- گتے کا ایک ڈبا اور ساتھ کپ، چمچے، چھوٹے ڈبے اور مرتبان (مختلف اقسام کے خالی ڈبے)

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ ساری چیزوں کو غور سے دیکھئے اور بچے کو اتنی دیر تک ان کے ساتھ کھیلنے دیں جتنی دیر تک اس کو مزہ آئے۔
- اب چمچوں کو کپ میں اور کپ کو ڈبے میں رکھئے۔
- ایسے کرتے ہوئے اپنے بچے سے کہیں: ’دیکھو، اب میں چمچوں کو کپ کے اندر رکھتا \ رکھتی ہوں اور کپ کو ڈبے کے اندر۔‘ (اندر کے لفظ پر زور دیتے ہوئے بولئے)
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ بڑے ڈبے کے اندر ایک چھوٹا ڈبا رکھے۔ حسب ضرورت اس کی مدد کیجئے۔
- اب ساری چیزوں کو بڑے ڈبے سے باہر نکالتے ہوئے واضح طریقے سے بولئے: ’اب ان ساری چیزوں کو ڈبے سے باہر نکال رہا \ رہی ہوں۔‘
- اب باری باری سے اپنے بچے کے ساتھ چیزوں کو گتے کے بڑے ڈبے کے اندر رکھیں اور پھر ان کو **باہر** نکالیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- ایسے ٹھیک ہے، تم کپ کو اچھے طرح پکڑے رکھتے \ رکھتی ہو۔ اب اس کو ڈبے کے **اندر** رکھیں۔ چمچے کو پیالی سے نکالو۔ شاباش، یہ تم بہت اچھا کر رہے \ رہی ہو۔

# ۱۶ ایک دوسرے کی نقل اتارنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- ٹھیک طرح مشاہدہ کرنا
- کسی دوسرے شخص کی نقل اتارنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کی طرف ہاتھ ہلائیے اور اس سے پوچھئے: ’میری نقل کروگے؟ چلیں، ایک دفعہ ہاتھ ہلا کر دکھاؤ۔‘
- ہاتھ ہلانے کے بعد کوئی اور حرکت کیجئے اور اپنے بچے سے کہئے کہ وہ بھی ایسے کرے۔‘
- اپنے بچے کا مشاہدہ کر کے اس کی حرکتوں میں سے ایک حرکت کی نقل کریں۔
- اسی مناسبت سے ساتھ ساتھ گانا گائیے، مثلاً:

ایک تھی دکان گڑیاؤں کی
بہت ساری گڑیائیں وہاں تھیں کھڑی
مالک ایک دن چلا سفر پہ
سب اپنے طریقے سے ناچنے لگے
کبھی ایسے--- (مثلاً تالی بجانا)
کبھی ایسے--- (مثلاً انگلیوں سے چٹکی بجانا)
کبھی ویسے--- (مثلاً ڈول بجانا)

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- شاباش، تم اس کی عمدگی سے نقالی اتار سکتے \ سکتی ہو!
- تم بہت اچھی طرح ہاتھ ہلا سکتے \ سکتی ہو (تالی، چٹکی یا ڈھول بجا سکتے \ سکتی ہو)!

# ۱۷ کتابیں



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- تصاویر اور کتابوں کو غور سے دیکھنا
- بولی جانے والی باتوں کو غور سے سننا
- بچہ زبان سیکھتا ہے۔

آپ کو کیا چاہئے؟

- کپڑوں سے متعلق کتاب

**آپ کیا کر سکتے / سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو گود پر بٹھائیے یا اس کے ساتھ صوفے پر بیٹھ جائیں۔
- اپنے بچے کو کتاب والی تصویروں کو غور سے دیکھنے دیں۔
- یہ بتائیے کہ تصویروں میں کیا کیا دکھائی دے رہا ہے۔ محض الگ الگ کپڑوں کے نام لینے کے بجائے ایک پوری کہانی گھڑئیے۔
- دکھائی دینے والے کپڑوں کی طرف اشارہ کر کے بچے سے پوچھئے: تمہاری قمیض کدھر ہے؟'
- اپنے بچے کو خود ایک صحفہ پلٹنے دیں۔
- اگر آپ کا بچہ کوئی لفظ غلط بولے تو آپ اس لفظ کو سارے جملے کے ساتھ دہرائیے۔ مثال کے طور پر اگر بچہ بولے: 'لون' (بجائے پتلون کے)، تو آپ بولئے: 'جی ہاں، یہ ایک پتلون ہے!'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم اس کتاب کو کتنی اچھی طرح دیک رہے / رہی ہو!
- شاباش، تم صحفوں کو خود ہی پلٹ سکتے / سکتی ہو!

# ١٨ ٹٹولنے کا کھیل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- ہاتھوں سے ٹٹول کر محسوس کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- مختلف میٹیریلز سے بنی ہوئی چیزیں، مثلاً اون، پلاسٹک، لکڑی، (موٹے) شیشے یا دھات سے بنی ہوئی چیزیں

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- چیزوں کو سامنے رکھیں، مثلاً اسکارف یا روئی بھرا کھلونا جانور، پلاسٹک کا ڈبا، چائے کی چمچی، دودھ کی بوتل، ایک بڑا چمچ...
- آپ اور آپ کا بچہ دونوں ان چیزوں کو ہاتھوں سے اور گال سے چھوئیں۔
- اپنے بچے سے بات کرتے ہوئے اس کو ان چیزوں سے متعارف کرائیے اور یہ بتائیے کہ یہ چیزیں کیسی محسوس ہوتی ہیں: سخت یا نرم، چکنی یا کھردری، گرم یا ٹھنڈئ، خوشگوار یا ناخوشگوار۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم ناک سے چھو کر محسوس کر رہے ا رہی ہو، یہ تو عمدہ خیال ہے!
- جی ہاں، یہ ٹھنڈا ہے، بالکل درست۔

# ١٩ مصوری کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ہاتھوں کی حرکت کی مشق کرنا
- ہاتھوں اور آنکھوں کا باہمی عمل
- تخلیقانہ طور پر اپنے آپ کا اظہار کرنا، اپنے تصور (قوتِ متخیلہ) کا استعمال کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- نچلی تہ کے طور پر پلاسٹک کا غلاف (مثلاً کوڑے کا ٹھیلا)۔
- اخبار کا ایک صحفہ یا کوئی کاغذ جس پر مصوری کی جا سکے۔
- چھوٹے دستہ والا چوڑا پینٹ برش۔
- رنگ، جس کو چپٹے کپ کے اندر پانی کے ساتھ حل کیا گیا ہو۔
- پلاسٹک سے بنا ہوا کوڑے کا تھیلا اور ایک قینچی۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- نچلی تہ کو میز کے اوپر رکھئے اور یہ بتائیے کہ آپ ابھی کیا کرنے والے \ والی ہیں۔
- کوڑے کے تھیلے میں تین سوراخ کاٹیں (سر اور دونوں بازوؤں کے لئے)، تاکہ آپ کا بچہ اس کو بطور بالاپوش پہن سکے۔
- اخبار، رنگ اور برش پاس رکھیں۔
- برش کو رنگ میں ڈبو دیں اور کاغذ پر ایک موٹا سا دھبا یا دھاری بنائیے۔
- اپنے بچے کو برش دیں۔ (حسبِ ضرورت) برش کو رنگ میں ڈبوتے یا تصویر بناتے وقت اس کی مدد کریں، لیکن اس کو بھی موقع دیجئے کہ وہ خود پینٹنگ کرے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- یہ ایک خوبصورت سرخ دھبا ہے۔

# ۲۰ کشتی چلانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- الفاظ
- مل کر کھیلنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ فرش پر روبرو بیٹھ جائیں۔
- ایک دوسرے کے ہاتھوں کو پکڑئے۔
- ایسے کیجئے کہ گویا آپ کشتی میں بیٹھ کر چپو چلا رہے ہوں: بچے کے دونوں ہاتھ اپنی طرف کھینچئے اور پیچھے کی طرف جھکئے۔ پھر ہاتھوں کو دھکیلتے ہوئے آگے کی طرف جھکئے۔
- گاہے بہ گاہے رفتار کو بدلئے یا صرف ایک طرفہ چپو چلائے۔
- ایسے کرتے ہوئے آپس میں باتیں کیجئے یا گانا گائیے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم ابھی سے بہت اچھی طرح چپو چلا سکتے \ سکتی ہو!

# ۲۱ غباروں کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایک چیز کے ساتھ کھیلنے کے مختلف طریقے دریافت کرتا ہے۔
- زیادہ درستی سے حرکت کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک غبارہ یا کئی غبارے۔
- خواہش پر فیتے کا ایک ٹکڑا۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- غبارے میں ہوا بھریں پھر ہوا کو سیٹی کے ساتھ باہر نکلنے دیں۔
- غبارے میں ہوا بھر کر اس کو چھوڑ دیں تاکہ ہوا میں اڑتے ہوئے چلا جائے۔
- غبارے میں ہوا بھریں (اتنی زیادہ نہیں کہ وہ پھٹ جائے) اور اس پر گرہ لگائے۔
- اپنے بچے کو موقع دیں کہ وہ غبارے کو ٹٹولے، سونگھے، اس کو تھپکی دے، چٹکی کاٹے، ہوا میں پکڑے یا چھپا سکے۔
- اب آپ اکٹھے غبارے کے ساتھ کھیل سکتے ہیں اور اس کو تھپکی دے سکتے ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم تو غبارے کو کافی اونچا اچھال سکتے \ سکتی ہو!
- تم غبارے کو ابھی سے بڑی مہارت سے پکڑ لیتے \ لیتی ہو!

Kommunale Integrationszentren NRW

ISO 639-1: ur

# ۲۲ چھلوں کا ہرم (پائیرامڈ)



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- اپنے ہاتھوں کو قابو یافتہ ڈھنگ سے استعمال کرنا
- چھلوں کے مختلف رنگوں اور سائزوں میں فرق کرنا
- آنکھوں اور ہاتھوں کا باہمی عمل؛ حرکت اور بصارت کی مشق کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- چھلوں کا ہرم (کھلونا)

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو ہرم دیں تاکہ وہ اتنی دیر تک اس کے ساتھ کھیل سکے، جتنا وہ چاہے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ چھلوں کو (افقی طور پر) ڈنڈے میں کیسے ڈالا جا سکتا ہے (شروع میں یہ اہم نہیں ہے کہ کونسی ترتیب کے ساتھ)۔
- چھلوں کو ایک دوسرے کے اوپر بھی رکھنے یا ان کو لڑھکانے کی کوشش کریں۔
- بچے سے باتیں کرتے ہوئے یہ سمجھائیے کہ آپ کیا کر رہے \ رہی ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- جی ہاں، تم اس چھلے کو اپنے سر پر بھی رکھ سکتے \ سکتی ہو!
- تم نے انتہائی خوبصورت ہرم بنا دیا ہے۔
- تم چھلوں کو بہت اچھے طریقے سے لڑھکا سکتے \ سکتی ہو۔

# ٢٣ جسم کا گیت



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- جسم کے مختلف اعضاء کے نام
- موسیقی کی دھن کے ساتھ حرکت کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- جسم سے متعلق ایک گیت

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- آمنے سامنے بیٹھ جائیں۔
- اکٹھے ایک گیت گائیے، مثال کے طور پر: 'میری آنکھیں چھپ گئی ہیں ( Meine Augen sind verschwunden)' یا ایک نظم سنائیے اور اس کے مطابق حرکت کیجئے۔

لے جائیں ہاتھ گود میں ۔ خوشی منائیں
لے جائیں ہاتھ پشت پر ۔ جھکا دیتے ہیں خوب سر
لے جائیں ہاتھ گھٹنوں پہ ۔ رے، رے، رے
لے جائیں ہاتھ پیٹ پہ ۔ تمہیں بھی آتا ہے!

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم تو بہت اچھی طرح گاتے \ گاتی ہو! جی ہاں، ساتھ ساتھ رقص بھی کرو!
- شاباش! تم اپنے جسم کے اعضاء کو بخوبی جانتے \ جانتی ہو۔

# ۲۴ گڑیاؤں اور روئی بھرے کھلونے کے ریچھ اور دوسرے جانوروں کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایسے واقعات کو دوبارہ ادا کرنا جو بچے کے ذہن کو مصروف رکھیں
- دوسروں کا کردار ادا کرنا، اپنے کھیل میں چال ڈھال کے مختلف طریقے آزمانا
- زبان (الفاظ، جملے بنانا)
- یہ لڑکوں کے لئے بھی اہم ہے، صرف لڑکیوں کے لئے نہیں

آپ کو کیا چاہئے؟

- مختلف گڑیائیں (مؤنث اور مذکر)، ٹیڈی بیر یا کئی اور کھلونے والے جانور
- ایک چھوٹی رکابی \ پلیٹ اور چائے کا چمچہ (عام گھریلو برتن)
- ایک چیتھڑا، ایک تولیا اور ایک نہانے کا تھیلا نما کپڑا

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- شروع میں بچے کو گڑیا، ٹیڈی بیر یا کھلونے والے جانوروں کے ساتھ آزادانہ کھیلنے دیں۔
- اگر آپ کا بچہ خود بخود گڑیا کے ساتھ کھیلے تو مداخلت نہ کریں۔
  اگر بچہ گڑیا کے ساتھ کھیلنے کے لئے کوئی دلچسپی نہ دکھائے تو اس کو ذرا تحریک دیں، مثلاً: تمہاری گڑیا کو بھوک تو نہیں لگی؟'۔ چھوٹی پلیٹ اور چمچی کو لیں اور گڑیا کو کھانا کھلانے کا دکھاوا کریں۔
- بچے کو یہ دکھائیے کہ گڑیا کا پوتڑا کیسے باندھا جا سکتا ہے اور کپڑے کیسے پہنائے جا سکتے ہیں۔
- مل کر کھیلتے وقت آپ جو کام کر رہے ہوں اس کی وضاحت بھی کیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- اپنی گڑیا کو مزیدار کھانا کھلا رہے ہو۔
- تم اپنی گڑیا سے بہت پیار کرتے \ کرتی ہو، ہے نا؟
- کیا تم نے گڑیا کے لئے کوئی نام رکھا ہے؟
- یہ کتنا خوبصورت نام ہے!

# ۲۵ چہل قدمی



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایک راستے پر چلنا
- دکھائی دینے والی چیزوں سے متعلق الفاظ اور جملے

آپ کو کیا چاہئے؟

- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اکٹھے باہر سیر کیجئے یا گھر میں گھومئے۔
- اس پر غور کیجئے کہ آپ کا بچہ کونسی جیزوں کی طرف دیکھ رہا ہے اور ان سے متعلق باتیں کریں:


'یہ باہر ہے۔ کیا ہم بھی ایک دفعہ باہر دیکھیں؟ تم کیا دیکھ رہے \ رہی ہو ۔ ایک درخت اور ایک کتا؟ کتا چل رہا ہے۔ کتے کی دم کالی ہے، ہے نا؟ کتا دم ہلا رہا ہے۔ اب تمہیں کیا سنائی دے رہا ہے؟ ایک گاڑی؟ دیکھو، یہ کتنی بڑی گاڑی ہے۔'

- اگر آپ اپنے بچے کو اس زبان میں بہت سی چیزیں سنائیں، جس پر آپ سب سے زیادہ قدرت رکھتے ہوں، تو آپ کا بچہ زبان بھی اچھی طرح سیکھے گا۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- بہت عمدہ۔ تم تو بہت دور تک چل سکتے \ سکتی ہو۔
- شاباش، تم میرے ساتھ بہت اچھی طرح باتیں کر سکتے \ سکتی ہو۔

# ۲۶ آنکھیں، کان، ناک اور منہ



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- چہرے کے مختلف اعضاء کے نام بتانا
- اگر آپ اس مقصد کے لئے کتاب کا استعمال بھی کریں تو آپ کا بچہ کتابوں سے سیکھ کر ان کے ساتھ مانوس ہو جائے گا: کتابوں میں جو دکھایا جاتا ہے وہ حقیقت میں بھی ہوتا ہے۔

آپ کو کیا چاہئے؟

- کسی خاص سامان کی ضرورت نہیں ہے لیکن پھر بھی آپ اضافے کے طور ایک کتاب یا چہروں کی تصاویر یا ایک گڑیا کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- شروع میں چہرے کے ان مختلف اعضاء کی طرف اشارہ کیجئے جو آپ کے بچے کو شاید معلوم ہوں اور یہ بیان کیجئے کہ ان کے ساتھ کیا کِیا جا سکتا ہے: 'میں منہ کے ساتھ کیا کر سکتا \ سکتی ہوں؟ بولنا یا کھانا کھانا۔'
- کان کی طرف اشارہ کیجئے اور بولئے: 'یہ میرا کان ہے۔ تمہارا کان بھی ہے۔' پھر بچے کے کان کی طرف اشارہ کیجئے اور بولئے: 'یہ ہمہارا کان ہے۔ اس سے تم سن سکتے \ سکتی ہو۔'
- اس کام کو دہرائیے اور آپ کے بچے سے کہیں کہ وہ آپ کے کان کی طرف اشارہ کرے۔ ہو سکتا ہے آپ کا بچہ کان کا نام ادا کرے۔
- آنکھوں، ناک اور منہ کی طرف اشارہ کیجئے اور اگر بچے کو اس سے مزہ آئے تو گال اور ٹھوڑی کی طرف بھی۔
- چہرے کے اعضاء بھی تصویروں یا ایک گڑیا کی مدد سے دکھائے جا سکتے ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بالکل صحیح، یہ کان ہے۔ (حالانکہ آپ کا بچہ اب تک اس نام کو درست طریقے سے تک نہ بول سکے لیکن پھر بھی جب آپ بولیں تو صحیح لفظ کو بار بار سنتا ہے۔)

# ۲۷ کاغذ کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- بچہ یہ معلوم کرتا ہے کہ کاغذ کیسا محسوس ہوتا ہے اور اس کے ساتھ کیا کیا کِیا جا سکتا ہے
- ہاتھوں کا حسب مراد استعمال کرنا سیکھتا ہے
- مختلف آوازوں میں فرق کرنا سیکھتا ہے ۔ جو کہ زبان سیکھنے کے لئے بہت مفید ہے۔
- مختلف اشکال، سائزز وغیرہ

آپ کو کیا چاہئے؟
- مثال کے طور پر: خالی کاغذی تھیلا، استعمال شدہ لفافہ، اشتہاری کتابچہ، پرانا اخبار یا سفید کاغذ کا ورق

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کو کاغذ دیں تاکہ وہ اس کے ساتھ جستجو کرے اور یہ پتا لگائے کہ وہ کونسے کام آ سکتا ہے۔
- یہ بیان کیجئے کہ بچہ کاغذ کے ساتھ کیا کر رہا ہے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ اس کے علاوہ کاغذ کو کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے: مثلاً کاغذ لپیٹ کر اس کو صدا بردار نلی کے طور پر استعمال کرنا یا اس کے اندر سے کچھ پھسلنے دینا؛ یا اس کے ساتھ سرسرانا، اس کو پھاڑنا، تہ کرنا، اس پر رنگ بھرنا وغیرہ وغیرہ۔
- کاغذ مروڑ کر اس کو گیند کی شکل میں لڑھکائیے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم بھی ایک دفعہ کوشش کرو!
- تم کاغذ سے کتنی ساری آوازیں نکال سکتے \ سکتی ہو۔
- یہ تم نے بہت اچھا سوچا ۔ ایسے کرنا بھی ٹھیک ہے!

# ٢٨ کار میز



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- بازوؤں، ہاتھوں اور انگلیوں کو حسب مراد حرکت دینا
- آنکھوں اور ہاتھوں کا باہمی عمل، بصارت اور حرکت کی مشق
- ذخیرہ الفاظ کو وسعت دینا اور نئے الفاظ کا اضافہ کرنا
- اوزار اور نئی چیزوں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنا
- لڑکیاں مساوی نسبت سے سیکھتی ہیں

آپ کو کیا چاہئیے؟

- ایک کار میز اور کھلونا اوزار

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کو کار میز اور دستی اوزار دیں (بچے کو حسب ضرورت ایک کے بعد ایک اوزار سے متعارف کرائیے)، تاکہ وہ ان کے ساتھ کھیلے۔
- اس پر دھیان رکھیں کہ آپ ہر اوزار ہر میٹیریل کا باہمی تعلق بیان کریں۔
- اپنے بچے کو دکھائیے کہ اوزار اور میٹیریلز سے کیسے کام لیا جاتا ہے، مثلاً ہتھوڑے کے ساتھ کیل کیسے ٹھوکتے ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم کیل پر اچھی ضرب لگا سکتے \ سکتی ہو!
- ایک دفعہ زور سے مارو: دھڑ دھڑ! اب آہستہ آہستہ مارو: ٹھک ٹھک۔ شاباش!
- یہ تم بہت خوب کر رہے \ رہی ہو!

# ۲۹ آوازیں نکالنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- منہ سے مختلف حرکتیں کرنا: یہ زبان سیکھنے کے لئے مفید ہے
- آوازوں اور باتوں کو غور سے سننا جو کہ زبان سیکھنے کے لئے اچھا ہے۔
- اچھی طرح غور کرنا اور کسی شخص کی نقل اتارنا
- بچے کی ادراکی نشوونما کو فروغ ملتا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- کسی خاص سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کے ساتھ آمنے سامنے بیٹھ جائیں۔
- ہونٹوں سے آوازیں نکالئیے اور پھونک مارئے ۔ اس پر غور کیجئے کہ کیا آپ کا بچہ آپ کی نقالی اتار رہا ہے؟
- ایک جانے پہچانے جانور کا نام لیجئے۔ اس کی آوازیں کی نقالی کیجئے۔ انتظار کریں۔ کیا آپ کا بچہ آپ کی نقل کر رہا ہے؟
- مختلف چیزوں کی طرف اشارہ کیجئے، مثلاً ایک گاڑی، ایک گھڑی، ایک سیٹی بجانے والی کیتلی کی طرف، پھر ان چیزوں کی آواز کی نقالی اتارئے۔ یقیناً آپ کا بچہ آپ کی آوازوں کی نقل کرے گا۔
- ایک کاغذ لپیٹ کر کچھ دوری سے اس میں کچھ پکارئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- اوہو، تم گاڑی کی نقالی بھی اتار سکتے \ سکتی ہو!
- ’پھوں پھوں‘، ہاں جی، سانپ ایسے کرتا ہے۔

# ۳۰ بلاکس \ اینٹوں کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے ؟

- بازوؤں اور ہاتھوں کی بامقصد حرکتیں
- سکونیات \ سٹیٹکس کے بارے میں ابتدائی جانکاری (اینٹوں کا ڈھیر لگانا اور تعمیر کرنا)
- اپنے تصور کو فروغ دینا
- آنکھوں اور انگلیوں کا باہمی عمل
- مختلف رنگوں کے نام

آپ کو کیا چاہئے؟

- بلاکس یا ڈبے

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو بلاکس یا ڈبے دیں اور اس کو اتنی دیر تک ان کے ساتھ کھیلنے دیں جتنی دیر تک اس کو مزہ آئے۔
- کھیل کے دوران بچے کا مشاہدہ کریں اور بچہ جو کچھ کرے اس سے متعلق بات کیجئے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ اینٹوں کا ڈھیر لگا کر مینار کیسے بنایا جا سکتا ہے۔
- بچے کے ساتھ مینار کو گرا کر اس کو مل کر دوبارہ تعمیر کیجئے۔
- اینٹوں کو پیچھے پیچھے رکھ کر ایک قطار بنائیے۔ بچہ اینٹوں کو دھکا دے کر اس 'ٹرین' کو چلا سکتا ہے۔
- اینٹوں کو رنگ کے مطابق ترتیب سے ساتھ ساتھ یا پیچھے پیچھے رکھئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- شاباش، تم نے بہت اونچا مینار بنا دیا ہے۔
- اپنی ڈرین کے لئے تم نے خوبصورت رنگ چن لیا ہے۔

# ۳۱ جانوروں کے بارے میں معلومات



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- مختلف جانوروں کے بارے میں جانکاری
- غور سے سننا
- تصویروں کو غور سے دیکھنا
- کتابوں سے مانوس ہو جانا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک کتاب جس میں جانوروں کی تصویریں ہوں
- روئی بھرے جانور

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- آپ کا بچہ ایک کتاب لے کر اس غور سے دیکھ سکتا ہے۔
- ایک جانور کی طرف اشارہ کر کے اس کی بعض خصوصیات بیان کر سکتے \ سکتی ہیں
- اپنے بچے سے پوچھئے: 'ذرا دکھاؤ کہ گائے کدھر ہے؟ اچھا، اب گھوڑے کو دکھاؤ۔'
- جانوروں کی آوازوں کی نقالی کر کے اپنے بچے سے پوچھ سکتے ہیں: 'گائے کیسے کرتی ہے؟ گھوڑا کیسے کرتا ہے؟'
- اگر آپ کا بچہ دو یا تین سال کا ہو چکا ہو تو آپ جانوروں کی خصوصیات کے بارے میں مزید معلومات دے سکتے \ سکتی ہیں: 'گدھا مضبوط ہوتا ہے اور چیزوں کو اچھے طریقے سے اٹھا لیتا ہے۔ بلی چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی کھال ملائم ہوتی ہے۔'
- اگر آپ کا بچہ ایک لفظ درست طریوے سے نہ بولے تو اس لفظ کو پورے جملے کے ساتھ دہرائیے۔
- مثال کے طور پر اگر آپ کا بچہ کہے 'لونگا' (بجائے بلونگڑے کے) تو آپ مثلاً کہئے: 'جی ہاں، وہاں ایک کالا بلونگڑا چل رہا ہے۔' برائے مہربانی براہ راست درستگی سے پرہیز کریں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، وہ کتا ہے۔ یہ تم نے بالکل صحیح دکھایا ہے۔
- تم جانوروں کی آوازوں کی اچھی نقل اتار سکتے \ سکتی ہو۔

# ۳۲ بھاگو جان ۔ بھاگو گل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- نئے الفاظ اور زبان کی آوازیں اور آہنگ
- کسی چیز کو تلاش کرنا جو غائب ہے: اس طرح بچہ چیزوں کی پوزیشن سے زیادہ آگاہ ہو جاتا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟
- ایک مخملی نوک کی رنگین پینسل یا ایک رنگین پینسل جس کی نوک بھیگائی گئی ہو

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- دونوں ہاتھوں کے ایک ایک ناخن پر چہرے کی تصویر بنائیے۔
- بچے کو یہ دونوں چہرے دکھائیے اور اس کو بتائیے کہ ایک کا نام جان اور دوسرے کا نام گُل ہے اور وہ دونوں چل بھی سکتے ہیں۔ 'غور سے سنو':

| | |
|---|---|
| ایک دفعہ کا ذکر ہے، | 'جان' اور 'گُل' کے ساتھ میز کو تھپتھپانا |
| دو لوگ پہاڑ پہ چڑھ گئے | |
| ایک کا نام تھا جان | ایک شہادت کی انگلی اٹھائیے |
| اور ایک کا نام تھا گُل | دوسری شہادت کی انگلی اٹھائیے |
| بھاگو، گُل! | 'گُل' کو پشت کے پیچھے چھپائیے |
| بھاگو، جان! | 'جان' کو پشت کے پیچھے چھپائیے |
| واپس آؤ، جان! | 'جان' والی انگلی کو ایک بار پھر اٹھائیے |
| واپس آؤ، گُل! | 'گُل' والی انگلی کو ایک بار پھر اٹھائیے |

- اس نظم کو دہرائیے۔ جب آپ نے 'جان' اور 'گُل' کو چھپا دیا ہو تو اپنے بچے سے پوچھئے: 'کہاں ہے جان؟ کہاں ہے گُل؟'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم نے اچھی طرح غور کیا ۔ جان اور گُل میری پشت کے پیچھے ہیں۔

# ۱۳۳ تصویری معمے کے ٹکڑوں الگ الگ کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایک چیز کو ٹھیک طرح انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ساتھ پکڑنا
- آنکھوں اور انگلیوں کا باہمی عمل
- قابو یافتہ ڈھنگ سے اپنے ہاتھوں کا استعمال کرنا
- غور سے تصاویر کا تفصیلی جائزہ لینا

آپ کو کیا چاہئے؟

- کھونٹی والی معما[4] (peg puzzle)

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- شروع میں اپنے بچے کو معمے کے ساتھ آزادانہ کھیلنے دیں۔
- کچھ دیر بعد معمے کے الگ ٹکڑوں کی طرف اشارہ کر کے ان سے متعلق کچھ بتا سکتے ہیں۔
- اپنے بچے سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کو کئی ٹکڑے دکھائے۔
- اپنے بچے کو دکھائیے کہ معمے کا ایک ٹکڑا کیسے پکڑ کر علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔
- عام طور پر بچہ خود بخود آپ کی نقل کرے گا ورنہ ایسے کرنے کو کہہ سکتے \ سکتی ہیں۔
- آپ ٹکڑوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ٹکرا کر اس کھیل میں مختلف آوازیں کا اضافہ کر سکتے \ سکتی ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بالکل صحیح، تم معمے کی تختے کو الٹا بھی سکتے \ سکتی ہو تاکہ ٹکڑے نیچے گریں۔
- اب تم ٹکڑوں کو اچھی طرح پکڑ کر اٹھا سکتے \ سکتی ہو۔

---

[4] اس معمے میں مختلف شکلوں کی چھوٹی تختیاں ہوتی ہیں جن کے بیچ میں ایک کھونٹی لگی ہوئی ہے۔ شکلوں کو کھونٹی سے پکڑ کر ایک بڑی تختی پر اپنی اپنی جگہ پر رکھنا ہوتا ہے

# ۳۳ ب تصویری معمے کے ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ایسی شکلوں کو ڈھونڈنا جو آپس میں تعلق رکھتی ہوں جو کہ ذہنی ترقی کے لئے اچھا ہے
- ہاتھوں اور انگلیوں کو بامقصد حرکت دینا
- انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کی مربوط حرکت
- مختلف شکلوں، رنگوں اور تصویروں کا تفصیلی جائزہ لینا

آپ کو کیا چاہئے؟

| | |
|---|---|
| • اگر آپ کا بچہ ایک سال کا ہو: | ایک کھونٹی والی معما* |
| • اگر آپ کا بچہ ایک سال سے بڑا ہو: | ایک تصویری معما جو شروع میں صرف ۴ ٹکڑوں پر مشتمل ہو |

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ معمے میں دکھائی دینے والی چیزوں سے متعلق باتیں کیجئے۔
- معمے سے دو ٹکڑے باہر علیحدہ کیجئے۔
- اپنے بچے کو دکھائیے کہ دو ٹکڑوں کو آپس میں کیسے جوڑا جا سکتا ہے؛ درست جگہ کی تلاش کرنا، پھر ٹکڑوں کو ایک ساتھ رکھ کر اتنی دیر تک گھمانا کہ وہ آپس میں فٹ ہو جائیں۔
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ معمے کا ایک ٹکڑا لگائے (اگر وہ اس میں ناکام ہو جائے تو اتنی دیر تک اس کی مدد کریں جب تک وہ کامیاب نہ ہوا ہو)۔
- اپنے بچے کی مدد عملی اور زبانی طور پر کیجئے، مثلاً: 'اس ٹکڑے کو گھما دو، تھوڑا اور گھما دو، تھوڑا واپس، شاباش، ایسے ٹھیک ہے!'
- اگر آپ کا بچہ ناراض ہو کیونکہ وہ ابھی تک ٹکڑوں کو جوڑنے میں ناکام رہا ہو، تو آپ اس کو دلاسا دیجئے اور جوڑنے کے لئے ایک آسان ٹکڑا دیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم نے ٹکڑے کو بالکل درست جگہ پر رکھا ہے۔

* peg puzzle: اس معمے میں مختلف شکلوں کی چھوٹی تختیاں ہوتی ہیں جن کے بیچ میں ایک کھونٹی لگی ہوئی ہے۔ شکلوں کو کھونٹی سے پکڑ کر ایک بڑی تختی پر اپنی اپنی جگہ پر رکھنا ہوتا ہے

# ۳۴ دوسرے شخص کے پیروں پر چلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مشترکہ طور پر کام کرنا
- توازن برقرار رکھنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔


**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو اپنے پیروں پر کھڑا کریں اور اس طرح اکٹھے ادھر ادھر چلیں۔
- کبھی زیادہ تیز رفتار سے، کبھی آہستہ آہستہ چلئے اور ایسے کرتے ہوئے بلند آواز کے ساتھ ’تیز‘ اور ’آہستہ‘ کہئے۔
- باری باری سے بڑے اور چھوٹے قدم رکھئے اور یہ بیان کیجئے کہ آپ کیا کر رہے \ رہی ہیں۔
- مختلف جانوروں کی چال کی نقالی کیجئے: بطخ کی چال سے چلئے، گھوڑے کی طرح دلکی چلئے، ---
- ایک دفعہ اپنے بچے کو دوسری سمت میں چلنے دیں، تاکہ سامنے دیکھ کر چلے۔
- آپ اس نظم کو سنا سکتے ہیں:

ایک ٹانگ، دو ٹانگیں، لا، لا، لا،
ایک ٹانگ، دو ٹانگیں باغ میں گھوم رہی تھیں،
ایک ٹانگ، دو ٹانگیں گلی پہ چل رہی تھیں،
اتنی دیر تک چلیں کہ بچہ بڑا ہو گیا

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- اوہو، تم بڑے بڑے قدم رکھ سکتے \ سکتی ہو! تم تیز قدم بھی رکھ سکتے \ سکتی ہو! تم تو الٹا بھی اچھی طرح چل سکتے \ سکتی ہو!

# ۲۵ گوند سے چپکانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ہاتھوں کی حرکت کی مشق کی جاتی ہے
- ہاتھوں اور آنکھوں کا باہمی عمل
- گوند کی اسٹک کا استعمال
- حسِ لامسہ کو فروغ ملتا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک پرانا اخبار (بطور نچلی تہ)
- پھاڑنے کے لئے کاغذ
- مضبوط کاغذ کا ایک ورق
- گوند کی اسٹک

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو چیزیں دکھائیے اور ساتھ ساتھ ان کے نام بھی بیان کیجئے۔
- اپنے بچے کو دکھائیے کہ کاغذ کیسے پرزے پرزے کیا جا سکتا ہے۔
- اپنے بچے سے کاغذ پھاڑنے کو کہئے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ گوند اسٹک کو کیسے استعمال کرتے ہیں۔
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ کاغذ کے ٹکڑوں پر گوند لگائے۔
- جن ٹکڑوں پر گوند لگی ہوئی ہو ان کو مل کر مضبوط کاغذ کے اوپر چپکائیے۔ اس کے ساتھ ساتھ بات کیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم کاغذ اچھے طریقے سے پھاڑ سکتے \ سکتی ہو! تم زور سے دبا سکتے \ سکتی ہو! یہ تم نے خوب مضبوط چپکایا ہے!

# ۳۶ چھوٹی گیندوں کو پھونک مارنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- دانستہ طور پر سانس لینا
- اپنی سانس کو کسی نئے کام کے لئے استعمال کرنا
- منہ کے پٹھوں کی مشق کرنا جو کہ صحیح طریقے سے بولنے کے لئے ضروری ہے
- ہونٹوں اور زبان کو دانستہ طور پر حرکت دینا
- مشترکہ طور پر کام کرنا، دوسروں کے ساتھ کھیلنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ٹیبل ٹینس کی گیند یا روئی کا چھوٹا گولا
- خواہش پر دو اسٹرا (پتلی سی نالی جس سے نالی جس سے شربت وغیرہ پی جاتی ہے)
- خواہش پر ایک آئینہ

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو گیند دیں، تاکہ وہ اس کا جائزہ لے سکے، اس کو غور سے سیکھ سکے اور ٹٹول سکے۔
- اپنے بچے کو یہ بتائیے کہ آپ گیند کے ساتھ کیا کرنے والے \ والی ہیں۔
- گیند کو پھونک مار کے اس کو میز پر سے اپنے بچے کی طرف لڑھکنے دیں۔
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ بھی پھونک مار کر چھوٹی گیند کو کسی جگہ بھیجے۔
- اگر بچہ اس میں کامیاب ہو تو آپ گیند کو پھونک کے ذریعے ایک دوسرے کی طرف لڑھکا سکتے ہیں۔
- آپ اسٹرا کی مدد سے بھی گیند کو پھونک مار کر ایک دوسرے کی طرف لڑھکا سکتے ہیں۔
- پھونک مارتے وقت اپنے آپ کو آئینے میں دیکھئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم زور سے پھونک مارتے \ مارتی ہو!
- شاندار، تم پھونک مار کر گیند کو کافی دور تک بھیج سکتے \ سکتی ہو!

# ٣٧ خریداری کرنے کا مظاہرہ کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- ایک آشنا صورت حال کو کھیل کے ذریعے دہرانا
- مل کر کھیلنا
- بہت سارے نئے الفاظ اور جملے

آپ کو کیا چاہئے؟
- ایک تھیلا یا بوری
- دودھ کا ایک خالی کارٹن، پلاسٹک کے کپ، کئی اور ڈبے
- ایک پرانا بٹوا
- 'پیسوں' کے طور پر بٹن، پلاسٹک کے سکے یا سینٹس بھی کام میں لائے جا سکتے ہیں

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو سودا سلف کی چیزیں ایک ایک کر کے دیں
- آپ خود تھیلے اور پیسوں کو لیں اور اپنے بچے کو کھیلنے کے لئے ترغیب دیں: 'السلام علیکم، میں آپ سے کچھ خریدنا چاہتا \ چاہتی ہوں۔ مجھے ایک لٹر دودھ دیجئے۔'
- حسبِ ضرورت اپنے بچے کو دکاندار کے کردار میں مدد کیجئے: اب مجھے دودھ دو اور کہو: مجھے ایک یورو دیجئے۔'
- آپ کئی اور چیزیں بھی خرید سکتے ہیں اور ان کو تھیلے میں رکھ کر پیسے ادا کر سکتے ہیں۔
- اپنے آپ کو ایک باتونی گاہک کے طور پر پیش کریں اور ان ساری چیزوں سے متعلق کچھ بتئیے۔
- کرداروں کو ادلا بدلا کیجئے؛ شاید آپ کا بچہ بھی ایک دفعہ گاہک بننا چاہے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم تو بہت اچھی طرح خریداری کرسکتے \ سکتی ہو!
- تم ایک اچھا دکاندار ہو!
- ابھی تم نے بہت سی چیزیں بیچیں!

# ۳۸ مل کر کھلونے ترتیب سے رکھنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مشترکہ طور پر کام کرنا
- آنکھوں اور ہاتھوں کا باہمی عمل
- اپنے ارد گرد کے ماحول میں تنظیم رکھنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کھلونے رکھنے کے لئے کئی ڈبے
- بکھرے پڑے ہوئے کھلونے

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو کھلونوں کے ڈبے دیں اور اس پر غور کیجئے کہ وہ ان کے ساتھ کیا کر رہا ہے۔
- اپنے بچے سے یہ بتائیے کہ یہ کھلونوں کے ڈبے ہیں اور اب آپ سارے کھلونوں کو ترتیب سے ڈبوں میں رکھنے والے \ والی ہیں۔
- اپنے بچے کو ایک ہی نوعیت کے کھلونے دیں (مثلاً ’لیگو‘ اور ’ڈُوپلو‘5 کے بلاکس) اور بچے سے کہئے کہ وہ ان کو ایک ڈبے میں رکھے۔
- اگر بچے کی عمر چھ سال سے کم ہو تو اس کو عام طور پر مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔
- دوسری قسم کے کھلونوں کے لئے ایک نئے ڈبے کا استعمال کیجئے (مثلاً لکڑی کے بلاکس کے لئے)

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- گاڑیوں کو کونسے ڈبے میں رکھیں؟ اس میں؟ یہ اچھا خیال ہے، چلیں ایسا کریں! یہ تم بہت اچھی طرح کر رہے \ رہی ہو؟
- شاباش! تم کھلونوں کو کتنی اچھی طرح چھانٹ سکتے \ سکتی ہو!

---

[5] لیگو، ڈوپلو: بلڈنگ بلاکس کا تجارتی نام: پلاسٹک کے بلاکس جن کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا جا سکتا ہے۔ لیگو کے مقاابلے میں ڈوپلو کے بلاکس زیادہ بڑے اور چھوٹے بچوں کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔

# ۳۹ چلو، چلو گھوڑے - چلو سرپٹ دوڑیں



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مل کر کھیلنا
- الفاظ، زبان کی آوازیں اور آہنگ

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو گود پر بٹھا کر اوپر نیچے کی طرف جھلائیے: 'سواری کرنا چاہتے \ چاہتی ہو؟'
- اپنے بچے کے دھڑ کو کو بازوؤں کے نیچے پکڑے رکھیں۔
- بچے کو دونوں گھٹنوں کی مدد سے جھلائیے، کبھی ذرا تیزی سے، کبھی آہستہ آہستہ۔
  'چلو چلو گھوڑے، چلو سرپٹ دوڑیں!'
- آخری لفظ بولتے ہوئے بچے کو اوپر اٹھائیے۔
- اس کے بعد بچے کو جلدی سے واپس گود پر بٹھائیے۔
- اس کے ساتھ ساتھ آپ مندرجہ ذیل نظم سنا سکتے \ سکتی ہیں:

چلو چلو گھوڑے - چلو سرپٹ دوڑیں!
پتھروں سے مت ٹکرانا
جھاڑیوں میں پھنس نہ جانا
چلو چلو گھوڑے - چلو سرپٹ دوڑیں!

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم نے اپنی گرفت کو سہی مضبوط کر لیا ہے!
- تم ایک عمدہ گھڑ سوار ہو!

# ۴۰ پیڑے (play dough، پلے ڈوہ) کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- غیر معمولی انداز سے محسوس کرنا اور انگلیوں کو حرکت دینا
- بچہ ایک نئے مادّے کو دریافت کرتا ہے جس کو وہ مختلف شکلوں میں ڈھال سکتا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک رنگ کا پیڑا ۔ بعد میں مختلف رنگوں کے پیڑے۔
- ایک نچلی تہ، مثال کے طور پر گتے کا ایک ورق یا ایک تہ پوش (جو کھانے کی میز پر استعمال کیا جاتا ہے)


**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو وقت دیجئے تاکہ اس مادّے کے ساتھ جستجو کر سکے۔
- آپ خود کچھ پیڑا لیں اور اس کو مختلف شکلیں دیں، مثلاً چپٹے کیک، لمبے سانپ، موٹے سیویوں اور چھوٹے گولوں کی شکل دیں۔
- اس پر غور کیجئے کہ آپ کا بچہ کیا کر رہا ہے اور اس سے متعلق کچھ بتائیے، مثلاً: 'اب تم چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لے رہے \ رہی ہو اور اب ان کو آپس میں جوڑ رہے \ رہی ہو۔ بہت اچھا!'
- یہ دکھائیے کہ انگلی کے ساتھ پیڑے میں سوراخ کیسے کئے جا سکتے ہیں۔
- یہ دکھائیے کہ چمچے کے دستے یا ناخن کی مدد سے پیڑے میں لکیریں کیسے بنائی جا سکتی ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم پیڑے سے کتنی خوبصورت شکلیں بنا رہے \ رہی ہو!
- تم نے ایک انتہائی خوبصورت گولا \ سانپ \ ... بنا دیا ہے۔

# ۴۲ ٹرین کا کھیل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- مل کر کچھ کرنا: یہ باہمی عمل کے طریقے سے کام کرنے کی اہم مشق ہے
- اداکاری کرنا؛ اس سے تصور کو فروغ ملتا ہے اور بچے کو آزادی سے اپنی صلاحیتوں اور لیاقتوں کو آزمانے کا موقع ملتا ہے۔

آپ کو کیا چاہئے؟
- ادھر ادھر چلنے کے لئے وافر جگہ۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے چھوٹے بچے کو اٹھا کر بازوؤں میں تھامئے \ اپنے دو یا تین سال کی عمر کے بچے کو اپنے پیچھے کھڑا کریں اور اس سے کہئے کہ وہ آپ کو پیچھے سے پکڑے۔
- چلنا شروع کیجئے اور یہ بتائیے کہ اب آپ دونوں اس کھیل میں ایک ٹرین بن جائیں گے: ’سن لو: چھُک، چھُک، چھُک، ...‘ (چلتی ہوئی بھاپ انجن کی سی آوازیں نکالئے)
- رفتہ رفتہ تیز ہوتے جائیے، بالکل ایک ٹرین کی طرح، جو شروع میں آہستہ آہستہ روانہ ہوتی پھر زیادہ تیز رفتار سے چلتی ہے۔
- بھاپ انجن کی سیٹی جیسی آواز بھی نکالئے: بھونپ، بھونپ**!**‘
- ایک دفعہ اپنے بچے کو بھی بھاپ انجن کا کردار ادا کرنے دیجئے، یعنی چلنا، موڑ سے مڑنا اور سیٹی بجانا۔
- اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل بچوں والا گیت بھی گا سکتے \ سکتی ہیں:

| |
|---|
| بھونپ، بھونپ، بھونپ، ریل گاڑی، آئیے سب ۔ اکٹھے اکٹھی<br>اکیلے ہم نہ جائیں گے، بل ... جان کو ساتھ لیں گے۔ |

- اس مقصد کے لئے کئی کرسیاں پیچھے پیچھے رکھ کر ایک ’ٹرین‘ بنائیے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم اچھی طرح ٹرین کی نقالی کر سکتے \ سکتی ہو۔

# ۴۲ موتیوں سے لڑی بنانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- قابو یافتہ ڈھنگ سے ہاتھوں کا ٹھیک استعمال کرنا
- ہاتھوں اور آنکھوں کا باہمی عمل

آپ کو کیا چاہئے؟

- بڑی موتیاں، دھاگے، ڈوری یا تسمے کا ایک ٹکڑا

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کو موتیوں اور دھاگے کے ساتھ کھیلنے دیں۔
- پہلی موتی کو دھاگے میں ڈالئے اور گرہ لگائیے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ دھاگے میں موتی کیسے ڈالتے ہیں۔
- دھاگے کو اوپر اٹھائیے تاکہ موتی نیچے کی طرف پھسل جائے۔
- دھاگے کو پکڑے رکھئے اور اپنے بچے سے کہئے کہ وہ بھی اس میں ایک موتی ڈالے۔
- بچے سے کہئے کہ وہ خود دھاگے کو پکڑ کر ایک موتی ڈالے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- ایسے ٹھیک ہے، تم دھاگے کو اچھی طرح تھامے رکھتے \ رکھتی ہو!
- تم موتیوں کو بہت اچھی طرح ڈال سکتے \ سکتی ہو!

# ۴۳ قلابازی لگانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- اپنے جسم پر قابو پانا
- اپنے اعضاء کو حسب مراد حرکت دینا

آپ کو کیا چاہئے؟
- ایک نرم سطح

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اگر آپ چست ہوں اور آپ کا جی بھی چائے تو ایک قلابازی لگا کر دکھا سکتے \ سکتی ہیں۔
- اپنے بچے فرش پر ہاتھوں کا سہارا لیتے ہوئے اکڑوں بیٹھنے دیں۔
- ایک ہاتھ سے بچے کی گردن سنبھال کر اس کی مدد کریں تاکہ وہ فرش پر دونوں ہاتھوں کے درمیان اپنے سر کو رکھ سکے۔
- دوسرے ہاتھ سے کولھوں کو اوپر اٹھانے میں اور پھر لڑھکنے میں مدد کیجئے۔
- اپنے بچے کو خود کوشش کرنے دیں، صرف تھوڑی سی مدد کیجئے۔
- اگر آپ کا بچہ ایسا نہ کرنا چاہے تو ایک اس سے زیادہ آسان کھیل کھیل سکتے ہیں: کوئی گانا گائیے اور اس کے بعد دونوں اپنے آپ کو لڑھکنے دیں، پیٹ کے بل سے پیٹھ کے بل اور پیٹھ سے بل سے پیٹھ کے بل۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم عمدگی سے لڑکھ سکتے \ سکتی ہو!
- تم بہت اچھی قلابازی لگا سکتے \ سکتی ہو!

# ۴۴ انگلیوں کا کھیل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- غور کرنا اور ٹھیک مشاہدہ کرنا
- زبان کا آہنگ اور زبان کی آوازیں: یہ زبان سیکھنے کے لئے ایک اچھی تیاری ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- خواہش پر ایک مخملی نوک کی رنگین پینسل یا ایک رنگین پینسل جس کی نوک ذرا بھیگائی گئی ہو

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنی انگلیوں کے سروں پر یا ناخنوں پر چہروں کی تصویریں بنا سکتے \ سکتی ہیں۔
- بچے کو آپ کے ہاتھ کی انگلیوں کے ساتھ کھیلنے دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل نظم بھی سنا سکتے \ سکتی ہیں:

پانچ آدمی جنگل میں گئے، ایک خرگوش پکڑنا چاہتے تھے۔
پہلا، جو پیپا جیسا موٹا تھا، غراتا رہا: ’وہ کہاں ہے بھلا، لمبے کانوں والا؟‘
دوسرا چیخ اٹھا: ’وہ ادھر تو بھاگ رہا تھا!‘
تیسرا تھا لمبا، حیران، پریشان۔ رو رو کر کہنے لگا: ہائے، ہائے، ادھر تو یہ نہیں کوئی۔
چوتھا بولا: میں تھک ہوں، یار! واپس چلتا ہوں گھر۔
بل سب سا چھوٹا، جس پر کسی کو بھروسا نہ تھا،  وہ خرگوش گھر لے کر آیا
پر سب کا قہقہہ گونج اٹھا: ہاہ ہاہ ہاہ!

دوسری آسان نظمیں:
‘Zehn kleine Zappelmänner’ (دس چھوٹے چلبلانے والے)
یا ’… ,Das ist der Daumen, der schüttelt die Pflaumen‘ (یہ ہے انگوٹھا جی، وہ ہے آلو بخارے اتارنے والی (انگلی)---)

- اگر آپ کا بچہ ایک یا دو سال کا ہو، نظم کے مصاریع سناتے وقت اس کی انگلیوں کو ایک کے بعد ایک پکڑ سکتے ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بالکل درست ہے، یہ تمہارا انگوٹھا ہے۔

# ۴۵ تصاویر والی کتابیں



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- تصویروں کو غور سے دیکھنا
- غور سے سننا جب کچھ بیان کیا جائے: اس طرح وہ زبان سیکھتا ہے
- تصویروں سے مانوس ہو جانا

آپ کو کیا چاہئے؟
- ایک تصاویر والی کتاب

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو کتاب دیں اور اس پر غور کیجئے کہ بچہ اس کے ساتھ کیا کر رہا ہے۔
- اپنی مادری زبان میں یہ بتائیے کہ کتاب میں کیا کیا دکھایا گیا ہے۔ ایسے کرتے ہوئے اس سے متعلق تصویروں کی طرف اشارہ کیجئے۔
- اپنے بچے کو خود صحفے پلٹنے دیجئے۔
- اگر آپ کا بچہ کوئی لفظ صحیح طریقے سے نہ دہرائے تو اس لفظ کو پورے جملے کے ساتھ درست طریقے سے دہرائیے۔ مثال کے طور پر اگر بچہ بولے: 'لیچھ' (بجائے ریچھ کے) تو آپ بولئے: جی ہاں، یہ ایک ریچھ ہے۔'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تمہارے ساتھ تصویریں دیکھنے سے مزہ آ رہا ہے!
- شاباش، تم تصویروں کے بارے میں کیا کیا بیان کر سکتے \ سکتی ہو!

# ۴۶ آبی رنگوں کے ساتھ مصوری کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- بچہ ہاتھوں کی حرکت کی مشق کرتا ہے
- ہاتھوں اور آنکھوں کی مربوط حرکت: یہ بعد میں لکھنا سیکھنے کے لئے اہم ہے۔
- اپنے آپ کا اظہار کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک چوڑا چپٹا پینٹ برش اور موٹا جاذب کاغذ (کاغذ کے بڑے اوراق، گول لپٹا ہوا دیواری کاغذ یا دیواری کاغذ کے بچے ہوئے ٹکڑے)
- چپٹے برتنوں کے اندر ایک یا دو رنگ، جو آسانی سے ڈگمگا کر نہ گریں۔
- ایک بھیگا اسفنج
- بطور نچلی تہہ: ایک پن روک (واٹر پروف) میز پوش یا کناروں پر کٹا ہوا کوڑے کا ایک تھیلا
بطور بالا پوش (جو کپڑوں کے اوپر پہنایا جا سکے): ایک بڑا پلاسٹک کا تھیلا، ایک پرانا قمیص یا بلاؤز

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- بچے کو بالا پوش پہنائیے اور اس کو بتایئے کہ اب آپ دونوں آبی رنگوں کے ساتھ تصویریں بنانے والے ہیں (ساتھ ساتھ رنگوں کا نام بھی بتائیے)۔
- کاغذ کو پان روک میز پوش کے اوپر رکھئے اور اسفنج کو اچھی طرح بھیگائیے۔
- اپنے بچے کو پینٹ برش دیں اور رنگ کے برتن کی طرف اشارہ کیجئے ('اس رنگ کے ساتھ آپ تصویریں بنا سکتے \ سکتی ہیں۔')۔
- شروع میں آپ کا بچہ ایک انگلی یا ہاتھ کو رنگ میں ڈبو کر انگلی یا ہاتھ کا نشان لگا سکتا ہے۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ پینٹ برش کو رنگ کے برتن میں کیسے ڈباتے ہیں۔
- یہ دکھائیے کہ کاغذ پر دھبے یا لکیریں کیسے بناتے ہیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ غور سے مشاہدہ کریں کہ رنگ کاغذ پر کیسے پھیل جاتا ہے۔
- آپ خود بھی مصوری کیجئے اور اپنے بچے کو ترغیب دیجئے کہ وہ آپ کی نقل اتارے۔
- ایک اور رنگ کا اضافہ کر سکتے \ سکتی ہیں (ساتھ ساتھ رنگ کا نام بھی بتائیے)۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم بہت خوبصورت تصویریں بناتے \ بناتی ہو!

# ۴۷ تصویری لوٹو کا کھیل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- مل کر کھیل کے قوانین کے مطابق کھیلنا
- نئے الفاظ اور تصورات
- تصویروں کے درمیان اختلافات اور مشابہات پہچاننا

آپ کو کیا چاہئے؟

- تصویری لوٹو کا کھیل

**آپ کیا کر سکتے ا سکتی ہیں؟**

- شروع میں اپنے بچے کے ساتھ غور سے تصویروں کو دیکھئے اور یہ بیان کیجئے کہ ان میں کیا کیا دکھایا گیا ہے۔
- یہ معلوم کیجئے کہ کونسی تصویریں آپس میں تعلق رکھتی ہیں اور کیوں؟
- آپ اورآپ کا بچہ ایک ایک تختی لیں، جس پر تصویروں کو اپنی اپنی جگہ پر رکھا جا سکتا ہے۔
- ایک تصویر والا کارڈ لیجئے اور تختی کی اس جگہ پر رکھئے، جس پر اس کی ملتی جلتی تصویر ہو۔ اگر وہ ممکن نہ ہو تو پھر کارڈ کو بچا کر ایک طرف رکھا جاتا ہے۔
- سارے کارڈز کو ایسے رکھیں تاکہ تصویر والا رخ نیچے ہو۔
- اب باری باری سے ایک ایک تصویر والا کارڈ لیجئے اور اس کو تختی پر اپنی درست جگہ پر رکھئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- یہ تم نے ٹھیک پتا لگایا: یہ کرسی تمہاری تختی والی تصویر کے ساتھ ملتی ہے۔

# ۴۸ چھو کر محسوس کرو



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- ہاتھوں کے ساتھ ٹھیک طرح محسوس کرنا
- یہ معلوم کرنا کہ وہ کیا محسوس کر رہا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟
- کئی چیزیں جو بچے کو معلوم ہوں:
- ٹھنڈی \ گرم چیزیں
- ٹھوس \ نرم چیزیں
- سیال \ سخت چیزیں

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- شروع میں اپنے بچے کو ساری چیزوں کو ٹٹولنے اور ان کا تفصیلی جائزہ لینے دیں۔
- میٹیریلز کے بارے میں بات کیجئے: وہ کیسے محسوس ہوتے ہیں؟ نرم یا سخت، چکنے یا کھردرے، گرم یا ٹھنڈے؟ یہ بھاری ہیں یا ہلکے؟
- اب آپ دونوں ایک اپنے ہاتھ میز کے نیچے لے جائیں۔
- میز کے نیچے بچے کے ہاتھوں میں کچھ تھما دیجئے۔
- اپنے بچے سے کہیں کہ وہ بتائے کہ یہ چیز کیسی محسوس ہو رہی ہے۔
- اب بچہ میز کے نیچے ایک چیز آپ کی طرف بڑھا سکتا ہے اور آپ بیان کرینگے کہ وہ چیز کیسی محسوس ہو رہی ہے۔
- اس طرح باری باری سے کھیلتے جائیے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- بہت خوب، جیسے تم نے ان ساری چیزوں کو غور سے دیکھ رہے \ رہی ہو!
- جی ہاں، صحیح۔ پتھر ٹھنڈا ہوتا ہے۔
- جی ہاں، تم ٹھیک کہتے \ کہتی ہو۔ سوئیٹر نرم ہے۔

# ۴۹ بھیس بدلنے کا کھیل



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اداکاری کرنا، اپنے آپ کو کسی دوسرے شخص کی جگہ پر رکھنا
- اپنے تصور کو پروان چڑھانا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک نرم کپڑا، مثلاً ایک اسکارف

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو اتنی دیر تک کپڑے کے ساتھ کھیلنے دیں جتنی دیر تک وہ چاہے۔
- اپنے بچے سے پوچھئے کہ کپڑا کیسا محسوس ہو رہا ہے اور اس کا کونسا رنگ ہے؟
- شروع میں اپنے بچے کو آزادانہ جستجو کرنے دیں اور کچھ نہ دکھائیے! پہلے بچے کو خود پتا لگانا چاہئے کہ کپڑے کے ساتھ کیا کیا کِیا جا سکتا ہے۔
- بعد میں یہ دکھائیے کہ کپڑا کیسے بطور ایپرن، دوپٹہ، ٹوپی، پٹی یا کمبل استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- کپڑے کو باندھنے میں اور گرہ لگانے میں اپنے بچے کی میں مدد کیجئے۔
- اپنے بچے کو اپنے آپ کو آئینے میں مشاہدہ کرنے دیں۔
- اگر بچہ کپڑے کو ایپرن کے طور پر پہنے تو آپ یوں سمجھ سکتے \ سکتی ہیں کہ گویا وہ باورچی ہے اور پوچھ سکتے \ سکتی ہیں کہ وہ کونسا کھانا پکانا چاہتا ہے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- یہ تم نے اچھا سوچا ۔ اب کپڑا کمبل بن گیا ہے!

# ۵۰ مینار بنانے کے کپ(stacking cups)



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- بازوؤں اور ہاتھوں کو حسب مراد حرکت دینا
- آنکھوں اور ہاتھوں کی مربوط حرکت
- جگہ کی وسعت کے مختلف تصورات: اوپر، اندر، پاس، پیچھے، سامنے وغیرہ
- رنگ پہچاننا اور ان کا نام بتانا

آپ کو کیا چاہئے؟

- مینار بنانے کے کپ \ ماتریوشکا (روسی گڑیا، جس میں مختلف گڑیائیں ہوتی ہیں، جو ایک دوسرے کے اندر رکھی جا سکتی ہیں)

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- غور سے دیکھئے کہ آپ کا بچہ کپوں کے ساتھ کیسے کھیل رہا ہے اورساتھ ساتھ یہ بیان کیجئے کہ وہ اب کیا کر رہا ہے۔
- اپنے بچے کے ساتھ کپوں کو ایک دوسرے کے اوپر رکھئے۔ 'اوپر' کے لفظ پر زور دیتے ہوئے بولئے۔
- اب بچے سے کہئے کہ وہ کپ ایک دوسرے کے اوپر رکھ کر مینار بنائے۔ اگر وہ یہ کام نہ کر پائے تو ایک بار پھر سے دکھائیے۔
- جب تک آپ کا بچہ متوجہ رہے تب تک کپوں کا کھیل اور مزید تصورات کے ساتھ (جیسے اندر، نیچے، پاس یا پیچھے) جاری رکھ سکتے \ سکتی ہیں۔
- اگر آپ کا بچہ اکیلے کھیلنا زیادہ پسند کرے تو کھیلنے دیں۔ لیکن ساتھ ساتھ یہ بیان کرتے جائیے کہ وہ اب کیا کر رہا ہے: 'دیکھو، اب تم نے سرخ کپ کو پیلے کے اندر رکھ دیا ہے۔'
- ہمیشہ رنگوں کا نام بھی بیان کیجئے، اس طرح بچہ ان ناموں کو بھی سیکھ لے گا۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم کپوں کو درست طریقے سے ایک دوسرے کے اوپر رکھتے \ رکھتی ہو، شاباش۔ اب میں ان کو ساتھ ساتھ رکھتا \ رکھتی ہوں۔ کیا تم بھی یہ کر سکتے \ سکتی ہو؟

# ۵۱ گھر میں ہاتھ بٹانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- خود اعتمادی
- خود مختاری
- بچے میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ وہ کچھ کر سکتا ہے

آپ کو کیا چاہئے؟

- مثلاً کھونٹیاں اور گیلے کپڑے، ترتیب سے اپنی جگہ پر رکھنے والا سودا سلف، چھیلنے والے آلو، دھونے والے پلاسٹک کے کپ وغیرہ

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- یہ سوچ لیں کہ بچے کو کونسے کام میں شامل کر سکتے \ سکتی ہیں۔
- ایک صورت حال کے بارے میں سوچئے، جس میں آپ کا بچہ آپ کا ہاتھ بٹا سکتا ہے، مثلاً تھیلے سے سودا سلف نکالنا اور ترتیب سے رکھنا، کپڑے لٹکانے کے لئے کھونٹیاں آپ کی طرف بڑھانا، چھلے ہوئے آلو دیگچی میں ڈالنا، بڑے پیالے میں کچھ ہلانا وغیرہ
- اپنے بچے سے پوچھ سکتے \ سکتی ہیں: ’کیا تم میری مدد کروگے \ کروگی؟‘
  ’کیا تم اس کھونٹی کو میری طرف بڑھا سکتے \ سکتی ہو؟‘
- اپنے بچے کے ساتھ میز لگائیے (کانٹے، چمچے اور پلیٹیں وغیرہ رکھئے)۔
- آپ جو کام کر رہے ہوں اس سے متعلق بچے کے ساتھ بات کیجئے: ’اس سودا سلف کے ساتھ کیا کریں گے؟‘ ’کپڑوں کو الگنی پر کیوں لٹکاتے ہیں؟‘

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم نے میری بہت اچھی مدد کی، تمہارا بہت شکریہ!

# ۵۲ جو دیکھ رہا ہوں وہ تم نہیں دیکھ رہے



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- غور سے دیکھنا
- مختلف رنگوں میں فرق کرنا
- نئے الفاظ مثلاً مختلف رنگوں اور چیزوں کے نام
- مل کر قوانین کے مطابق کھیلنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- کسی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے سے کہیں کہ وہ ایک مخصوص رنگ کی ساری چیزوں کی طرف اشارہ کرے۔ اس طرح آپ کو پتا چلے گا کہ کیا بچہ اس رنگ کو ابھی سے پہچانتا ہے یا نہیں۔
- کمرے میں ایک سرخ چیز کو چنئے اور اپنے بچے سے بتائیے: ’جو دیکھ رہا \ رہی ہوں وہ تم نہیں دیکھ رہے اور وہ ہے سرخ۔‘
- اب اپنے بچے کو اندازہ لگا کر یہ معلوم کرنے دیں کہ آپ نے کس چیز کو چنا ہے۔ اگر بچہ ایک چیز کی طرف اشارہ کرے جو آپ کی چنی ہوئی چیز سے نزدیک ہو تو کہئے ’گرم‘۔ اگر اس کے برعکس وہ چیز دور ہو تو کہئے ’ٹھانڈا‘۔
- اب آپ کا بچہ ایک مخصوص رنگ کی چیز چن سکتا ہے، جسے آپ نے اندازہ لگا کر معلوم کرنا چاہئے۔
- اس کے بعد ایک مخصوص میٹیریل، مثلاً لکڑی یا شیشے سے بنی ہوئی چیز چنئے اور کہئے: ’جو دیکھ رہا \ رہی ہوں وہ تم نہیں دیکھ رہے اور وہ ہے بنا ہوا لکڑی سے۔‘
- اب آپ کا بچہ یہ دکھا یا بتا سکتا ہے کہ وہ چیز کیا ہے؟

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- گرم! اب تم نے اسے تقریباً ڈھونڈ نکالا!
- شاباش، تم نے کیسے پتا لگایا ہے؟

# ۵۳ میموری کا کھیل (یادداشتی کھیل)



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- نئے الفاظ اور تصورات
- اختلافات اور مشابہات پہچاننا
- کچھ یاد رکھنا
- مل کر کھیل کے قوانین کے مطابق کھیلنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- شروع میں میموری کارڈز کے چار جوڑے، بعد میں زیادہ

**آپ کیا کر سکتے / سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ کارڈز کو غور سے دیکھئے اور پوچھئے کہ ان میں کیا دکھایا گیا ہے۔
- کارڈز کو ایسے رکھئے تاکہ تصویر والا رخ اوپر ہو اور ہمیشہ کارڈز کے جوڑوں کی تلاش کیجئے۔
- اگر یہ کام بچے کو سمجھ آ جائے تو آپ دونوں دیکھ سکتے ہیں کہ تصویریں اور کس لحاظ سے آپس میں تعلق رکھتی ہیں اور کیوں؟ (مثلاً سیب اور آلو بخارے آپس میں تعلق رکھتے ہیں کیونکہ دونوں پھل ہیں؛ کرسی کا تعلق میز سے ہوتا ہے کیونکہ دونوں فرنیچر کی چیزیں ہیں)۔
- اب کارڈز کو ایسے رکھیں تاکہ تصویر والا رخ نیچے ہو۔
- کارڈز کو گڈمڈ کرنے میں اپنے بچے کی مدد کیجئے۔
- اب باری باری سے دو دو کارڈز پلٹئے۔ اگر کارڈز مختلف ہوں تو ان کو دوبارہ پلٹ کر واپس رکھئے۔ اگر جوڑے ہوں تو انہیں ایک طرف رکھئے۔
- جب کسی کو دو ملتے جلتے کارڈز ملیں تو وہ ان کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے، پھر وہ دو اور کارڈز پلٹ سکتا ہے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بالکل درست ہے، یہ دو کارڈز ایک ہی جوڑے کے ہیں!

# ۵۴ بیرون خانہ ریت کے ساتھ کھیلنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- ریت کیسی محسوس ہوتی ہے اور اس کے ساتھ کیا کیا کِیا جا سکتا ہے؟
- ریت کے ساتھ کچھ کچھ بنانا
- تخلیقانہ طور پر اپنے آپ کا اظہار کرنا

آپ کو کیا چاہئے؟
- ادرگرد کے ماحول میں ریت کا باکس
- گھر کی نزدیکی یا بالکنی میں کچھ سفید ریت
- پانی سے بھری ہوئی بالٹی

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو مٹی وغیرہ میں کھیلنے کے لئے کپڑے پہنائیے۔
- اپنے بچے کو ریت اور پانی کے ساتھ آزادانہ کھیلنے دیجئے (عام طور پر بچوں کو پانی ریت میں ڈالنے سے یا ریت پانی میں ڈالنے سے مزہ آتا ہے)۔
- حوصلہ بڑھانے والی مسکراہٹ یا سر کے اشارے سے اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ آپ اس پر دھیان دے رہے \ رہی ہیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ اس بارے میں باتیں کیجئے کہ ریت کیسی محسوس ہو رہی ہے (گیلی، خشک، دانے دار، بریک، نرم، ---)
- اپنے بچے کے ساتھ مل کر ریت سے کچھ بنائیے، مثلاً ریت سے بنا ہوا کیک، سرنگ والی اونچی پہاڑی، ---
- آخر میں اپنے بچے کے ساتھ صفائی کریں (مثال کے طور پر پھیلی ہوئی ریت کو چھوٹے بیلچے کی مدد سے واپس پھینکنا)

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- تم نے انتہائی لذیذ کیک بنایا ہے!

# ۵۵ نشانہ لگا کر گیند لڑھکانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- بازوؤں، ہاتھوں اور انگلیوں کی حرکت پر قابو پانا
- آنکھوں، بازوؤں اور ہاتھوں کا باہمی عمل
- گیند کے ساتھ کھیلنے کے مختلف طریقے
- مشترکہ طور پر کھیلنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک نرم، ہلکی گیند

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو گیند دکھائیے اور اس کی شکل، نرمی اور وزن سے متعلق بات کیجئے۔
- اپنے بچے کو یہ آزمانے دیں کہ گیند کے ساتھ کیا کیا کِیا جا سکتا ہے۔
- آپ گیند کو ایک دوسرے کی طرف پھینک سکتے ہیں، لڑھکا سکتے ہیں یا دھکا دے کر لڑھکا سکتے ہیں۔
- شروع میں ایک بڑی چیز کا نشانہ لیجئے، مثال کے طور پر ایک دروازہ۔ بعد میں آپ اس سے چھوٹی چیز کا نشانہ لے سکتے \ سکتی ہیں (مثلاً کرسی کے نیچے، پائوں کے درمیان)۔
- اگر یہ کام بھی اچھے طریقے سے چلے تو ایک میز کا پایا یا ایک ہلکی، نہ ٹوٹنے والی چیز جیسے پلاسٹک کا کپ کا نشانہ لے سکتے ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم گیند کو بڑی مہارت سے لڑھکا سکتے \ سکتی ہو!

# ۵۶ غور سے سنو اور تلاش کرو



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- غور سے سننا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک پرسکون جگہ بغیر چلتے ہوئے ٹی وی یا راڈیو کے
- ایک ٹک ٹک کرنے والی الارم گھڑی یا کوئی اور آوازیں نکالنے والی چیز۔

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- الارم گھڑی کی آوازوں کی نقالی کریں اور اپنے بچے کے ساتھ مل کر ایک گیت گائیے:

| | |
|---|---|
| بڑی گھڑیاں کرتی ہیں ٹِک ۔ ٹَک، ٹِک ۔ ٹَک | (دھیرے دھیرے سے گائیے) |
| چھوٹی گھڑیاں کرتی ہیں ٹِکے ۔ ٹَکے، ٹِکے ۔ ٹَکے | (ذرا تیزی سے گائیے) |
| اور سب سی چھوٹی گھڑیاں کرتی ہیں ٹِکے ۔ ٹَکے، ٹِکے ۔ ٹَکے، ٹِک | (اور تیزی سے) |

- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ آنکھوں کو اتنی دیر تک بند رکھئے جب تک آپ نے الارم گھڑی کو کسی جگہ پر نہ چھپا دیا ہو۔
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ گھمتے پھرتے اور غور سے سنتے ہوئے تلاش کرے۔
- اگر بچے چاہے تو وہ اب الارم گھڑی کو خود چھپا سکتا ہے اور آپ اس کی تلاش کر سکتے \ سکتی ہیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم نے بالکل ٹھیک سن کر الارم گھڑی کو تلاش کر لیا ہے!

# ۵۷ کپڑے پہنا سیکھنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- خود مختاری سے کام کرنا، اپنی مدد خود کرنا
- بچہ اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہے اور اس میں اپنی قوتوں اور صلاحیتوں پر بھروسا پیدا ہوتا ہے۔

آپ کو کیا چاہئے؟

- مختلف کپڑے

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- مختلف کپڑے پہنے کی مشق کیجئے، مثلاً نہانے کے بعد (بنیان\ قمیص\ جرابیں\ ---)
- بٹن اور ویلکرو کی پٹی کھولنے اور بند کرنے کی مشق کیجئے۔
- جیکٹ کو کھول کر ایسے رکھئے تاکہ اس کا گلے والا حصہ آپ کی طرف اور زپ والا رخ اوپر ہو۔
- جاکیٹ پہنے اور بازوؤں کو آستینوں میں ڈالنے میں اپنے بچے کی مدد کیجئے۔
- جیکٹ کو پیچھے سے نیچے کی طرف کھینچئے تاکہ جیکٹ اچھی طرف جسم پر آ جائے۔
- جتنی دیر تک آپ کے بچے کو مزہ آ رہا ہو اتنی دیر تک مشق کرتے رہیں۔
- اس کے بعد جیکٹ کو چپٹی میز کے اوپر رکھئے۔
- اب بچے کو یہ دکھائیے کہ جیکٹ کو کیسے کھولتے ہیں اور بند کرتے ہیں۔
- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں، جب تک بچہ خود کوشش کر رہا ہو لیکن اگر وہ اب تک کامیاب نہ ہو ہوا ہو، تھوڑی سی مدد کیجئے اور مزید حوصلہ دیجئے: 'چلو، ایک بار پھر کوشش کرو!'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- یہ تم نے اچھا کیا!

# ۵۸ ایک خود ساختہ تصویری معما



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ہاتھوں اور انگلیوں کے پٹھوں کا حسب مراد استعمال کرنا
- آنکھوں اور ہاتھوں کی حرکت میں رابطہ
- شکلوں کے بارے میں سوچنا اور غور کرنا
- تصویر کے ٹکڑوں کو آپس میں جوڑ کر ایک سالم تصویر بنانا

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک تصویر، بریک گتا اور گوند، یا ایک موصوَّر پوسٹ کارڈ (جس کی ایک رخ پر تصویر ہو)
- بچوں والی قینچی

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- ایک تصویر چنئے جو آپ کے بچے کو پسند ہو اور بچے کے ساتھ اس تصویر کے بارے میں باتیں کیجئے: 'یہاں پر تم کیا دیکھ رہے \ رہی ہو؟ تمہیں کیا پسند آ رہا ہے؟'
- اس کے بعد گتے پر گوند لگائیے اور تصویر کو گتے کے اوپر دبا کر چپکائیے۔
- اپنے بچے سے کہئے کہ آپ اس تصویر کو دو حصوں میں کاٹ کر ایک تصویری معما بنانے والے \ والی ہیں۔
- اپنے بچے کو گتے کے اوپر چپکائی ہوئی تصویر خود دو حصوں میں کاٹنے دیجئے۔ حسب ضرورت اس کے دونوں ہاتھوں کو رخ دیتے ہوئے اس کی مدد کیجئے۔
- اب اپنے بچے کو تصویر کے ٹکڑوں کو جوڑنے دیجئے۔
- اگر بچہ ابھی سے اس کام میں کامیاب ہو تو وہ دونوں ٹکڑوں کو پھر سے آدھا آدھا کر کے ان چار ٹکڑوں کو جوڑ سکتا ہے۔
- اگر جوڑنے میں کوئی دشواری پیدا ہو تو مدد کیجئے۔ مثال کے طور پر آپ ساتھ والے ٹکڑے کو دوسرے ٹکڑے کے اوپر رکھئے یا اس کو گھمائیے تاکہ دونوں ٹکڑے ایک سیدھ میں آ جائیں۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- شاباش، تم نے تصویر کو اچھے طریقے سے جوڑا ہے۔ جی ہاں، ایسے ٹھیک ہے!

# ۵۹ کتاب کی مدد سے کہانی سنانا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- نئے الفاظ
- الفاظ سے جملے بنانا
- غور سے سننا
- کتابوں سے مانوس ہو جانا

آپ کو کیا چاہئے؟

- بچوں کی کتاب جس میں تصاویر والی کہانی ہو

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ تصویروں کو غور سے دیکھئے اور ان سے متعلق بات کیجئے۔
- کہانی کے چھوٹے چھوٹے حصے بچے کے لئے پڑھئے یا سنائیے اور ساتھ ساتھ اس سے متعلق تصویروں کی طرف اشارہ کیجئے۔
- اپنے بچے کو سوالوں کی مدد سے کہانی کے بارے میں سوچنے کے لئے تحریک دیجئے، مثلاً: تمہارے خیال سے اب ... کیا کرے گا؟' '... اب کہاں جائے گا؟'، 'اب کیا ہوگا؟'
- نئے الفاظ کو سمجھائیے اور اگر ممکن ہو تو اس سے متعلق تصویروں کی طرف اشارہ بھی کیجئے۔
- اس کہانی کو مختلف آوازوں کے ساتھ سنائیے۔ مثال کے طور پر ریچھ کو بھاری غراہٹ سے بولنے دیجئے: 'ہوں، شہد۔ مزدار! یہ مجھے چاہئے!'
- کہانی کو سنائیے، پھر اپنے بچے سے کہئے کہ وہ اس کو دہرائے۔ اس وقت سوالوں کے ساتھ مدد کر سکتے \ سکتی ہیں: '... نے اس وقت کیا کِیا؟'، یہاں کیا ہوا؟'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم تو بہت اچھی طرح کہانی سنا سکتے \ سکتی ہو! جی ہاں، ... نے ایسا کیا!

# ۶۰ ایک نہانے کے تھیلے نما کپڑے یا ایک جراب کے ذریعے باتیں کرنا



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اپنے تصور کو فروغ دینا
- قابل سمجھ جملے بنانا
- مسئلے حل کرنا
- دوسروں کے ساتھ مل کر سوچنا

آپ کو کیا چاہئے؟

- نہانے کے لئے ایک تھیلا نما کپڑا یا ایک جراب

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- جراب یا تھیلے نما کپڑے کو ہاتھ کے اوپر پہنئے (یا ایک اصلی کٹھ پتلی کا استعمال کریں)۔
- انگوٹھے اور باقی انگلیوں کے ساتھ ایک منہ بنائیے۔ انگوٹھے اور انگلیوں کو کھولنے اور بند کرنے سے منہ کو بولنے یا جھپٹنے دیں۔
- ایسی حرکت کریں کہ گویا پتلی آپ کے بچے کی ناک یا بازو کو کاٹنے کی کوشش کر رہی ہو: ’میں تمہیں کھا لونگی--- ہم ہم-!‘ (اگرآپ کے بچے کو اس سے مزہ آئے تو اس کام کو دہرا سکتے ہیں-)
- پتلی آپ کے بچے کو ایک مسئلے کے بارے میں بتا سکتی ہے، مثلاً: ’میری ٹوپی گم ہو گئی ہے، میں کدھر تلاش کروں؟ --- لیکن وہ یہاں پر نہیں ہے۔ اب میں کیا کروں؟‘
- مہارت یہ ہے کہ بچے کو آپ کی باتیں اتنی دلچسپ لگیں کہ اس مسئلے سے متعلق، جس سے بچہ بھی واقف ہے، ایک سچی سنجیدہ گفتگو پیدا ہو جائے۔
- اس کھیل سے اس وقت اور زیادہ مزہ آتا ہے جب آپ کٹھ پتلی کو حرکت دے کر ایک مختلف آواز کے ساتھ بات کریں۔
- بچے کو بھی نہانے کے تھیلے نما کپڑے یا جراب کے ساتھ کھیلنے دیں اور اس ’پتلی‘ کے بارے میں باتیں کیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- دیکھو، اب تمہیں ٹوپی مل گئی ہے!
- تم پتلی کے ساتھ اچھے طریقے سے باتیں کر سکتے \ سکتی ہو!

# ۶۱ اس چیز کا تعلق کونسی چیزوں سے ہے؟



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- غور سے دیکھنا اور چیزوں کا موازنہ کرنا
- اپنی یادداشت کی مشق کرنا
- نئے الفاظ اور مجموعوں کے نام

آپ کو کیا چاہئے؟

- متعدد ملتی جلتی گھریلو اشیاء، مثلاً مختلف چمچے، رنگین کھونٹیاں، مختلف سوتوں سے بنے ہوئے دھاگے، بٹن، ...

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- ان چیزوں کو چھانٹ کر اکٹھا کیجئے، جو ایک ہی میٹیریل کی بنی ہوئی ہوں۔
- سوالوں کے ذریعے اپنے بچے کو بولنے کے لئے تحریک دیجئے: 'یہ ... ہمیں کونسے کام کہ لئے چاہئے؟'
- اپنے بچے کو ان چیزوں کا صحیح کے استعمال کرنے کا طریقہ دکھائیے اور اس کے ساتھ ساتھ چیزوں کا نام بتائیے۔
- اپنے بچے سے چیزیں چھانٹنے کو کہئے (ملتی جلتی چیزوں کو ساتھ ساتھ رکھنا):
  کھونٹیاں رنگ کے مطابق: سرخ سرخ کے ساتھ، پیلی پیلی کے ساتھ، سبز سبز کے ساتھ
  کٹلری (چھری، کانٹے اور چمچے): بڑے اور چھوٹے علیحدہ علیحدہ
  چمچے اور کانٹے علیحدہ، لکڑی اور دھات کے چمچے علیحدہ
- مجموعوں کے نام بیان کیجئے:
  'ہم کٹلری کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں۔'
  'سرخ اور پیلا رنگ ہوتے ہیں۔'
  'لکڑی، پلاسٹک اور دھات میٹیریلز ہوتے ہیں جن سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں۔'

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، یہ ایک سرخ کھونٹی ہے۔ اس کو اُدھر رکھو!
- شاباش، تم چیزوں کواچھی طرح  چھانٹ سکتے \ سکتی ہو!

# ۶۲ ’لیگو‘ یا ’ڈُوپلو ‘ کے بلاکس کے ساتھ کھیلنا[6]



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- ’لیگو‘ یا ’ڈُوپلو‘ کے بلاکس کے ساتھ تعمیر کرنا
- اپنے تصور کا اظہار کرنا
- آنکھوں اور ہاتھوں میں رابطہ

آپ کو کیا چاہئیے؟

- ’لیگو‘ یا ’ڈُوپلو‘ کے بلاکس

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو لیگو \ ڈُوپلو کے بلاکس کے ساتھ آزادانہ کھیلنے دیں۔
- بچہ جو کر کچھ کرے اس سے اپنی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اپنے بچے کو یہ دکھائیے کہ آپس میں جوڑے ہوئے بلاکس کو کیسے الگ الگ کیا جا سکتا ہے اور ان الگ بلاکس کے ساتھ کوئی نئی چیز کیسے بنائی جا سکتی ہے۔
- اس چیز کے ساتھ کھیلئے جو بچے نے بنائی ہے۔
- اپنے بچے سے بات کیجئے، سوال پوچھئے: ’کیا یہ ایک گھر ہے؟ اچھا، یہ ایک بحری جہاز ہے! کپتان کون ہے؟ کیا کوئی ملاح بھی ہے؟‘

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- تم بلاکس کو عمدگی سے جوڑ سکتے \ سکتی ہو!
- اوہو! تم نے کتنا اونچھا مینار بنا دیا ہے!

[6] لیگو، ڈوپلو: بلڈنگ بلاکس کے لئے تجارتی نام: پلاسٹک کے بلاکس جن کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا جا سکتا ہے لیگو کے مقابلے میں ڈوپلو کے بلاکس زیادہ بڑے اور چھوٹے بچوں کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔

# ۶۳ جسم کے اعضاء



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟

- اپنے جسم کے مختلف افعال
- ’جسم کے اعضاء‘ کا تصور اور مختلف اعضاء کے نام

آپ کو کیا چاہئے؟

- ایک آئینہ
- کسی ایک بچے کی تصویر یا فوٹوراف
- جسم سے متعلق ایک کتاب

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کے ساتھ تصویروں \ فوٹوگرافز کو غور سے دیکھئے اور یہ بتائیے کہ اب آپ جسم کے اعضاء کے بارے میں بات کرنا جاہتے \ چاہتی ہیں۔
- اس پر غور کیجئے کہ آپ کا بچہ کس چیز کی طرف متوجہ ہو رہا ہے، کیونکہ یہ چیز بچے کو خاص طور پر دلچسپ لگ رہی ہے۔
- جسم کے اعضاء کے بارے میں سوال پوچھئے، مثلاً: ’اس عضو کا کیا نام ہے؟ تمہارا یہ عضو کہاں ہے؟ کیا تمہارا \ی \ے --- بھی ہے \ ہیں؟ --- کے ساتھ تم کیا کرتے \ کرتی ہو؟‘
- حسب ضرورت لفظ کے پہلے حروف یا لفظ کا آغاز سرگوشی سے کہہ کر بچے کی مدد کیجئے۔

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:

- جی ہاں، بالکل درست، یہ ٹانگ ہے۔ اور تمہاری ٹانگ کہاں ہے؟

# ۶۴ میرا خاندان



آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے؟
- اپنے خاندان کے افراد کے نام سیکھتا ہے۔
- خاندان سے متعلق نئے الفاظ سیکھتا ہے۔
- پورے گھرانے کے ساتھ متعارف ہو جاتا ہے۔

آپ کو کیا چاہئے؟
- خاندان کے افراد کی مختلف تصویریں
- ڈرائنگ کرنے کے لئے کاغذ اور رنگین پنسلیں

**آپ کیا کر سکتے \ سکتی ہیں؟**

- اپنے بچے کو تصویریں دکھائیے اور اس کو اندازہ لگانے دیں کہ تصویروں میں کون کون دکھایا گیا ہے۔ بچہ خاندان کے جانے پہچانے افراد کی طرف اشارہ بھی کر سکتا ہے۔
- اس کی بجائے خاندان کے افراد کی تصویر بھی خود بنا سکتے\ سکتی ہیں۔ یہ بے شک ضروری نہیں ہے کہ تصویریں اصل کی ہوبہو نقل بنیں۔ ان تصویروں کی مدد سے آپ خاندان کے بارے میں بات کر سکتے \ سکتی ہیں۔
- اپنے بچے کو بھی ڈرائنگ کرنے دیں - ایک گھونگر اور ساتھ دو لکیریں بھی انسان کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔
- تصویروں کی مدد سے ذرا خاندان کے افراد کے بارے میں بات کیجئے: یہ لوگ کون ہیں؟ کہاں رہتے ہیں؟ وہ آپ (یا آپ کے بچے) کے ساتھ کیا کیا کِیا گزار چکے ہیں؟ ...
- خاندانی تعلقات بھی بیان کیجئے: ’نانی جان میری امی ہیں، چچا ... ابو جان کا بھائی ہے۔‘
- اپنے بچے سے کہئے کہ وہ آپ کو سارے بچے دکھائے، اس کے بعد ساری عورتیں، سارے مرد، ...

یہ بتائیے کہ آپ کا بچہ کونسا کام اچھا کرتا ہے:
- جی ہاں، یہ سچ ہے۔ نانا جان میرے ابو ہیں۔
- شاباش! تم نے انہیں کیسے پہچان لیا ہے!